★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 2 رجب المرجب 1446ھ، 3 جنوری 2025ء، 16 پوہ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 78

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

سانحہ 9 مئی، 19 مجرمان کی سزاؤں میں معافی کا اعلان

ان مجرمان نے قانونی حق استعمال کرتے ہوئے رحم اور معافی کی پٹیشنز دائر کی تھیں جس پر یہ فیصلہ کیا گیا' 48 پٹیشنز کو قانونی کارروائی کیلئے ''کورٹس آف اپیل'' میں نظر ثانی کیلئے ارسال کیا گیا

دیگر تمام مجرمان کے پاس بھی اپیل کرنے اور قانون اور آئین کے مطابق دیگر قانونی حقوق برقرار ہیں۔ سزاؤں کی معافی ہمارے منصفانہ قانونی عمل اور انصاف کی مضبوطی کا ثبوت ہے' آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سانحہ 9 مئی 2023ء کے 19 مجرمان کی سزاؤں میں معافی کا اعلان کردیا گیا ہے، سانحہ 9 مئی کی سزاؤں پر عمل درآمد کے دوران، مجرمان نے قانونی حق استعمال کرتے ہوئے رحم اور معافی کی پٹیشنز دائر کی تھیں جس پر یہ فیصلہ کیا گیا۔ پاک فوج کے (بقیہ نمبر 1)

پنجاب میں پہلی بار ای ٹیکسی سکیم شروع کرنے کا فیصلہ

تیزی سے جدید اور ایکو فرینڈلی ٹرانسپورٹ کی جانب بڑھ رہے ہیں' بلال اکبر خان

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پہلی بار ای ٹیکسی سکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اعلان کے مطابق بیروزگار افراد کیلئے ای ٹیکسی سکیم شروع کرنے جارہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ای ٹیکسی سکیم میں ایسی گاڑیاں فراہم کرنا چاہتے ہیں جو قیمت میں نسبتاً کم مگر معیار میں بہترین ہوں، ہم تیزی سے جدید اور ایکو (بقیہ نمبر 2)

19 لوگوں کیلئے معافی کا اعلان بڑی پیشرفت نہیں سمجھتا

بیرسٹر گوہر

بنیادی طور پر 67 لوگ تھے جن میں سے صرف 19 لوگوں کو معافی ملی' 48 نے اپنی اپیلیں فائل کی ہیں' پی ٹی آئی ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف ہے

کسی بھی سویلین کا ٹرائل ملٹری کورٹ میں نہیں ہوسکتا، سپریم کورٹ اس بارے طے کرچکی' سب جماعتیں مل جل کر عوام اور ملک کے وسیع تر مفاد میں بیٹھیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ میں 19 لوگوں کے لیے معافی کے اعلان کو کوئی بڑی پیشرفت نہیں سمجھتا۔ پارلیمنٹ ہاؤس آمد کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کا کہنا تھا کہ بنیادی طور پر (بقیہ نمبر 3)

پاکستان کی سفارتی تنہائی ختم، معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے

اسحاق ڈار

مہنگائی 5 فیصد کے اردگرد آچکی ہے، زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہورہا ہے' جی ڈی پی میں مثبت اشاریے سامنے آئے ہیں' ایکسپورٹس بھی اچھا ٹرینڈ شو کررہی ہیں، پریس کانفرنس

قوم کے ساتھ جو وعدہ کیا تھا اس پر بھی حکومت کوشاں ہے، عوام پر بجلی کا کافی بوجھ تھا اس کی بہت سی وجوہات تھیں' وزیراعظم بجلی ریلیف کیلئے مزید کام میں لگے ہوئے ہیں' وزیر خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان کی سفارتی تنہائی ختم ہوگئی جبکہ ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ ممتاز زہرا بلوچ کو فرانس میں پاکستان کا سفیر متعین کیا ہے، اگلے چند روز میں ممتاز زہرا بلوچ فرانس میں اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گی، اگلے ہفتے سے (بقیہ نمبر 6)

جب بھی ن لیگ کی حکومت آتی کسان خوشحال ہوتا ہے مریم نواز

کسان سے کیا ہر وعدہ پورا کریں گے، ترقی کے سفر میں کاشتکار پوری طرح شریک ہوں گے، زرعی ٹیوب ویل کی سولرائزیشن سے بجلی کے بھاری بلوں سے نجات ملے گی

بجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویل کو سولرانرجی پر منتقلی کے منصوبے کا آغاز کردیا گیا' 8 ہزار زرعی ٹیوب ویل شمسی توانائی پر منتقل کئے جائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ جب بھی ن لیگ حکومت میں آتی ہے کسان خوشحال ہوتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کسان پیکیج کے تحت صوبہ پنجاب میں بجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویل کو سولرانرجی پر منتقلی کے منصوبے کا آغاز کردیا گیا ہے، منصوبے کے تحت پنجاب میں 8 ہزار زرعی ٹیوب ویل شمسی توانائی پر منتقل کئے جائیں گے، حکومت پنجاب زرعی ٹیوب ویل کی (بقیہ نمبر 7)

دہشتگردوں کو کچلے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتے شہباز شریف

معاشی استحکام کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر، اسی سے معیشت مضبوط ہوگی' ٹیکس نظام کی خامیوں، بدعنوانی کا خاتمہ کرکے محصولات بڑھائے جاسکتے ہیں، پارا چنار امن معاہدہ خوش آئند

اقتصادی اعشاریے واضح کررہے ہیں 2025ء معاشی ترقی کا سال ہوگا، یکسو ہوکر پاکستان کو معاشی ٹائیگر بنائیں، وسطی ایشیائی ریاستیں پاکستان کیساتھ تجارتی اور معاشی روابط بڑھانا چاہتی ہیں، وزیراعظم کا ایس آئی ایف سی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے معاشی استحکام کیلئے سیاسی استحکام ضروری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی استحکام ہوگا تو معیشت بھی مضبوط ہوگی، ٹیکس نظام کی خامیوں، بدعنوانی کا خاتمہ کرکے محصولات بڑھائے جاسکتے ہیں، بجلی قیمتوں میں کمی کیلئے دن (بقیہ نمبر 68)

کرم میں دو ایف سی پلاٹون تعینات کی جائیں گی، بیرسٹر سیف

سڑک کی بندش کا مقصد مزید خونریزی کا راستہ روکنا تھا، مشیر اطلاعات کی بات چیت

پشاور (این این آئی) کرم میں امن معاہدہ طے پانے کے بعد مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ کرم میں نئی پولیس چیک پوسٹیں بنانے سمیت دو ایف سی پلاٹونز بھی تعینات کی جائیں گی۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا کہ ایک صدی سے زیادہ عرصے کے کرم تنازعے کے (بقیہ نمبر 9)

نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد بارے اپیکس کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

لاہور (این این آئی) نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کے بارے میں اپیکس کمیٹی کا اجلاس آج (جمعہ) کے روز ہوگا۔ (بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی کے دوست کھلے دل سے مذاکرات کریں مطالبات پر غور کرینگے

حسن اقبال

حکومت آئین وقانون کے دائرے میں جو مطالبہ ہوگا اس پر غور کرے گی، ہم چاہتے ہیں سڑکوں پر فساد اور انتشار نہ ہو' وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے دوست کھلے دل سے مذاکرات کریں، حکومت آئین وقانون کے دائرے میں جو مطالبہ ہوگا اس پر غور کرے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ سنجیدگی سے بات چیت کررہے ہیں، امید کرتا ہوں پی ٹی آئی کے دوست بھی کھلے دل سے مذاکرات کریں گے، حکومت آئین وقانون کے دائرے میں (بقیہ نمبر 67)



فیصل آباد: سابق وزیراعظم نواز شریف اسرار احمد خان مرحوم کے بیٹے سے ملاقات کررہے ہیں

2024 پاکستان نیوی کے لیے بھرپور کامیابیوں کا سال ثابت

بحریہ دشمن کی طرف سے کسی بھی قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) سال 2024 پاکستان نیوی کے لیے بھرپور کامیابیوں کا سال ثابت ہوا، ایک طرف تو پاکستان نیوی کا ماڈرنائزیشن پروگرام آگے بڑھتا دکھائی دیا، اور دوسری (بقیہ نمبر 20)

لڑکی قتل کے جرم میں 25 سال قید بامشقت کی سزا کا فیصلہ کالعدم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شادی سے انکار پر لڑکی کے (بقیہ نمبر 11)

انٹرنیٹ سست ہونے پر سیکرٹری داخلہ، قانون اور چیئرمین پاشا طلب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی نے ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل پھر موخر کردیا، انٹرنیٹ سست ہونے کے بیان پر شرمیلا فاروقی شہزاد فاطمہ پر برہم ہوگئیں جبکہ چیئرمین پی ٹی اے نے کہا ہے کہ عدالت، حکومت اور وزارت داخلہ (بقیہ نمبر 12)



لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری ارشد انصاری کو لاہور پریس کلب کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دے رہی ہیں



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب سے امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان شیخ ملاقات کررہے ہیں

ڈی چوک احتجاج: پی ٹی آئی مظاہرین کی درخواستِ ضمانت پر فیصلہ محفوظ

ملزمان میں افغان شہری شامل ہیں' وکیلِ صفائی ان کے نام بتادیں، ان کو الگ کردیتے ہیں' جج ابوالحسنات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے ڈی چوک احتجاج کے دوران گرفتار پی ٹی آئی مظاہرین کی درخواستِ ضمانت پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ انسدادِ دہشت (بقیہ نمبر 33)

توشہ خانہ کیس 2، بغیر کارروائی کے سماعت ملتوی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی سینٹرل اڈیالہ جیل کی خصوصی عدالت نے توشہ خانہ کیس ٹو پر سماعت 6 (بقیہ نمبر 23)

عمران خان کے خلاف کوئی سیاسی کیس نہیں' عابد شیر علی

اسلام آباد (این این آئی) رہنما مسلم لیگ ن عابد شیر علی نے کہا ہے کہ پانی پی ٹی آئی کیخلاف کوئی سیاسی کیس نہیں ہے۔ نجی ٹی (بقیہ نمبر 21)

عمران خان کو بنی گالہ منتقلی کی پیشکش کی گئی' فیصل چوہدری کا دعویٰ

بانی کے خلاف پہلے چار فیصلوں جیسا فیصلہ ہی 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا بھی ہوگا' پی ٹی آئی کا وقت آچکا ہے اور کوئی طاقت اس کو روک نہیں سکتی

توشہ خانہ ٹو جھوٹے کیسز کی سیریز میں سے ایک کیس ہے، وکیل بانی پی ٹی آئی' سابق وزیراعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید کی سزا کی مذمت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) توشہ خانہ کیس میں عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری کا کہنا ہے عمران خان نے بتایا کہ انہیں ڈیل کی پیشکش ہوئی تھی۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل چوہدری کا کہنا تھا توشہ خانہ ٹو جھوٹے کیسز کی سیریز میں سے ایک کیس ہے، بانی پی ٹی آئی کے خلاف پہلے چار فیصلوں جیسا فیصلہ ہی 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا بھی ہوگا۔ فیصل چوہدری نے بتایا کہ عمران خان نے سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 32)

پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی یومیہ ٹیکنالوجی سے ہوتی ہے

مریم اورنگزیب

وزیراعلیٰ سیاسی تفریق سے بالاتر ہوکر صوبے میں مساوی بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں پر عمل کرارہی ہیں' سینئر صوبائی وزیر کا اجلاس میں اظہارِ خیال

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز پورٹل کے ذریعے روزانہ تمام ڈیٹا چیک کرتی ہیں، انہوں نے عوامی منصوبوں کے لیے 844 ارب روپے کا بجٹ دیا ہے۔ سٹینڈنگ کمیٹی پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے اجلاس میں بریفنگ کے دوران مریم اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب پہلا صوبہ ہے جہاں ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی یومیہ بنیادوں پر جدید ٹیکنالوجی سے کی جارہی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر کا (بقیہ نمبر 2)

علی امین گنڈاپور کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری

عدالت نے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری حسن ابدال میں درج مقدمے میں جاری کیے تھے

اسلام آباد (این این آئی) انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے وزیراعلیٰ خیبر پختون خوا علی امین گنڈاپور کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری معطل کردیے۔ عدالت نے علی (بقیہ نمبر 24)

قوم کیلئے خوشخبری، چند ماہ میں بجلی کی قیمتوں میں کمی متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وزارت توانائی نے کہا ہے کہ چند ماہ میں بجلی کی قیمتوں (بقیہ نمبر 30)

پی ٹی آئی کی مکمل توقعات مذاکرات پر ہیں، شیر افضل مروت

اسلام آباد (این این آئی) رہنماء پی ٹی آئی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی مکمل توقعات اب مذاکرات پر ہیں۔ سپیکر قومی (بقیہ نمبر 29)



کراچی: میئر کراچی مرتضیٰ وہاب میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

پنجاب عظمیٰ بخاری کا سینئر صحافی ندیم نثار کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس

مرحومہ کی وفات ان کے اہلخانہ کے لئے بڑا صدمہ اور ناقابل تلافی نقصان ہے: وزیر اطلاعات

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سینئر صحافی ندیم نثار کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس اظہار کیا ہے۔ وزیر اطلاعات نے صحافی ندیم نثار کے نام اپنے جاری تعزیتی پیغام میں ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی وفات کو ان کے اہلخانہ (بقیہ نمبر 31)

امن معاہدہ کے باوجود کرم میں معمولات زندگی بحال نہ ہوسکے، راستے تاحال بند

پشاور (این این آئی) امن معاہدہ ہونے کے باوجود پشاور پاراچنار مرکزی شاہراہ سمیت دیگر راستے بند ہیں جبکہ تعلیمی ادارے اور (بقیہ نمبر 27)

سرکاری حج اسکیم میں 5 ہزار کا کوٹہ موجود ہے، چند دن تک مزید درخواستیں لیں گے، سیکرٹری مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) رواں برس سرکاری اسکیم کے تحت حج اخراجات سے متعلق سیکرٹری مذہبی امور نے قائمہ کمیٹی اجلاس میں تفصیلات بتا دیں۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 26)

سیاسی استحکام معیشت کی ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، بلیغ الرحمان

سابق گورنر پنجاب کی لاہور چیمبر کے عہدیداران سے ملاقات، معیشت اور سیاسی استحکام پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری سے ملاقات میں ملکی معیشت، تجارت اور سیاسی استحکام پر تفصیلی تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 28)

برطانوی سول ایوی ایشن کی ٹیم 15 سے 17 جنوری کے دوران کراچی پہنچے گی

برطانیہ کے لیے پی آئی اے کا براہ راست فلائٹ آپریشن فروری میں بحال ہوجائے گا،

کراچی (این این آئی) یورپ میں پی آئی اے کی براہ راست پروازوں کی بحالی کے بعد برطانیہ سے پابندی ہٹانے کے لیے سول ایوی ایشن اتھارٹی متحرک ہوگیا ہے، (بقیہ نمبر 25)

پاکستان میں 2030 تک 30 فیصد الیکٹرک وہیکل کے استعمال کا ہدف مقرر

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے 25 کروڑ ڈالر کی نجی سرمایہ کاری کا امکان' رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں 2030 تک 30 فیصد الیکٹرک وہیکل کے استعمال کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے بین الاقوامی کمپنیوں کی جانب سے (بقیہ نمبر 13)

اسٹیج اداکارہ نرگس اور شوہر ماجد بٹ میں صلح، مسودہ عدالت میں جمع

سیشن کورٹ لاہور میں دونوں کی جانب سے باہمی رضامندی سے صلح نامہ جمع کروادیا گیا

لاہور (این این آئی) اسٹیج اداکارہ نرگس اور شوہر ماجد بٹ کے درمیان صلح ہوگئی، صلح نامہ عدالت میں جمع کرادیا گیا۔ سیشن کورٹ لاہور میں دونوں کی جانب سے باہمی رضامندی سے صلح (بقیہ نمبر 14)

سپیکر قومی اسمبلی کا آذربائیجان کے سفارتخانے کا دورہ، طیارہ حادثے پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آذربائیجان کے سفارتخانے کا دورہ کیا اور مسافر طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اسلام آباد میں آذربائیجان کے سفارت خانے پہنچے جہاں آذربائیجان کے سفیر نے ان کا خیر مقدم کیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: سپیکر نیشنل اسمبلی سردار ایاز صادق آذربائیجان کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر دستخط کررہے ہیں

ملک بھر میں معدنیات کی ترقی کے لیے منرلز ڈویژن بنانے کا فیصلہ

اعظم نذیر تارڑ کی سربراہی میں بین الصوبائی کمیٹی تشکیل، دو ہفتوں میں سفارشات پیش کریگی

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک بھر میں معدنیات کی ترقی کے لیے منرلز ڈویژن بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے بین الصوبائی کمیٹی تشکیل دیدی ہے جس کے کنوینر وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ ہوں گے جبکہ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 10)

حکومت، پی ٹی آئی مذاکرات عمران خان کے مطالبے پر ہورہے ہیں، امیر مقام

پی ٹی آئی والے جمہوریت کی بات کرتے ہیں دوسری جانب منتخب نمائندوں پر تشدد کیا گیا

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام نے کہا ہے کہ مذاکرات بانی پی ٹی آئی کے مطالبے پر کئے جارہے ہیں، پی ٹی آئی والے جمہوریت کی بات کرتے (بقیہ نمبر 16)

لیبیا کشتی حادثے کے ملزم سمیت 2 انسانی سمگلرز گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) اسلام آباد (بقیہ نمبر 17)

وزیراعلیٰ کی ہدایات پر سیف سٹی ایمرجنسی ورچوئل بلڈ بنک کا قیام

لاہور (این این آئی) سیف سٹی نے تجرباتی بنیادوں پر پنجاب ایمرجنسی (بقیہ نمبر 18)

نیا سال ملک کی ترقی، استحکام اور امن کا سال ثابت ہوگا' عابد علی

لاہور (سٹی رپورٹر) قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی نے (بقیہ نمبر 19)



جیک آباد: جے یو آئی ایم کے کارکنان اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کررہے ہیں

جعلی و بوگس اسلحہ لائسنس ڈیلرز محکمہ داخلہ کے ریڈار پر آگئے

محکمہ داخلہ نے جعلی و بوگس لائسنس رکھنے والے اسلحہ ڈیلرز، مرمت کرنے والوں پر پابندی عائد کردی

پابندی کی زد میں آنے والے افراد، کاروبار سے متعلقہ اسلحے کا لین دین غیر قانونی، کارروائی ہوگی' انتباہ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں جعلی و بوگس اسلحہ لائسنس ڈیلرز محکمہ داخلہ کے ریڈار پر آگئے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے 19 بوگس اسلحہ ڈیلرز و مرمت کرنے والوں کی نشاندہی کرکے پابندی عائد کردی، جعلی اسلحہ ڈیلرز و مرمت کرنے والوں کیخلاف پنجاب آرمز آرڈیننس 1965 کے تحت مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے غیر قانونی و جعلی اسلحہ ڈیلرز و مرمت کرنے والوں کے نام و ایڈریس جاری کردیے۔ (بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سیمینات سے خطاب کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

ادارہ شماریات کی جانب سے ملک بھر میں ساتویں زراعت شماری کا افتتاح

ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے لاہور شہر میں ساتویں زراعت شماری کا افتتاح کر دیا

پاکستان کی ساتویں زراعت شماری digital integrated count کے فیلڈ آپریشن کا آغاز ہو گیا

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے لاہور شہر میں ساتویں زراعت شماری کا افتتاح کر دیا ہے۔ پاکستان کی ساتویں زراعت شماری digital integrated count کے فیلڈ آپریشن کا آغاز ہو گیا ہے، ساتویں زراعت شماری 10 فروری 2025 تک جاری رہے گی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ ملکی تاریخ میں یہ زراعت شماری اپنی نوعیت کا پہلا integrated "Digital" count ہے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ فیلڈ آپریشن میں بشمول بڑے زمیندار اور بڑے مال مویشی رکھنے والے بھی اس زراعت شماری میں مکمل طور پر شمار ہیں۔ ابتدائی طور پر 311 ماسٹر ٹریز کو اسلام آباد اور دوسرے مرحلے میں ضلعی سطح پر 6500 زراعت شماری کے علاوہ ازیں 1368 سپروائزر کو ٹریننگ دی گئی ہے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ بنیادی مقصد زراعت کے شعبے میں پالیسی سازی کے لئے اعداد و شمار کو اکٹھا کرنا ہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ پاکستان غذائی قلت میں پوری دنیا کے 127 ممالک میں سے 109 نمبر پر ہے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ غذائی قلت کی صورت حال کو بہتر بنانے میں زراعت شماری معاون ثابت ہو گی، ڈی سی لاہور نے کہا کہ ساتویں زراعت شماری کی کامیابی کا دارومدار شمار کنندگان پر ہے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شمار کنندگان پوری دلجمعی اور خوش اسلوبی کے ساتھ اپنی قومی ذمہ داری کو پورا کریں۔

سال نو کی پہلی کھلی کچہری کا آج دوسرا دن

.....ڈی سی آفس لاہور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا.....

لاہور (خبر نگار) سال نو کی پہلی کھلی کچہری کے آج دوسرے دن ڈی سی آفس لاہور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کھلی کچہری کا جائزہ لیا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے سائلین کے مسائل کو سنا۔ ریونیو، انکم سرٹیفکیٹس، ریکارڈ کی درستگی سے متعلق کیسز کو سنا گیا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے ریونیو سے متعلق تمام تر زیر التواء کیسز کو جلد حل کرنے کی ہدایات کیں۔ ڈی سی لاہور نے موقع پر متعدد کیسز متعلقہ افسران کو ریفر کئے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے۔



ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا سال نو کی پہلی کھلی کچہری میں عوام الناس کے مسائل سن رہے ہیں

پی آئی ٹی بی اور پی پی آر اے کی جانب سے ڈائریکٹوریٹ جنرل مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن پی اینڈ ڈی بورڈ کیلئے ای پروکیورمنٹ سسٹم بارے ٹریننگ سیشن کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) پنجاب آئی ٹی بورڈ اور پنجاب پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے تعاون سے ڈائریکٹوریٹ جنرل مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب کیلئے ای پروکیورمنٹ سسٹم کے حوالے سے ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ پی آئی ٹی بی ٹیم نے شرکاء کو ای پروکیورمنٹ سسٹم سے واقف کرانے کیلئے ڈیمو فراہم کیا اور ان کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ پی آئی ٹی بی کی جانب سے مختلف سرکاری محکموں کو ای پروکیورمنٹ سسٹم بارے آگاہی فراہم کرنے کیلئے ان ٹریننگز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ سسٹم کا مقصد سرکاری خریداری کے عمل کو شفاف اور تیز تر بناتے ہوئے وقت کی بچت یقینی بنانا ہے۔ اس نظام کے تحت دکاندار کسی بھی جگہ سے آن لائن بولی جمع کرا سکتے ہیں، جس سے خریداری کا عمل مزید آسان اور قابل رسائی ہو گیا ہے۔



لاہور: صوبائی وزیر اصحت خواجہ سلمان رفیق، خواجہ عمران نذیر اور وزیر سکول ایجوکیشن رانا سکندر حیات پی ڈی ایم اے ہیڈ کوارٹرز میں کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق، صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر اور وزیر محکمہ سکول ایجوکیشن رانا سکندر حیات کی زیر صدارت اجلاس

ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے چار نکاتی ایجنڈے پر بریفنگ دی، لیہ میں دریائی کٹاؤ کی روک تھام کیلئے گشکوری اور لالا کریک پر حفاظتی بند کی مضبوطی و تعمیر کیلئے 25 ملین کی گرانٹ کی منظوری دی گئی

قصور میں 2023 سیلاب متاثرین کی مالی امداد کیلئے 18 ملین امدادی رقم کی بھی منظوری دی گئی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزراء نے پی ڈی ایم اے کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے اجلاس میں چار نکاتی ایجنڈے پیش کئے۔ اجلاس کے دوران لیہ میں دریائی کٹاؤ کی روک تھام کیلئے گشکوری اور لالا کریک پر حفاظتی بند کی مضبوطی و تعمیر کیلئے 25 ملین کی گرانٹ کی منظوری دی گئی۔ بستی حویلی مانک، چک چوٹ اور بستی مخدوم کے دریائی کٹاؤ کی روک تھام کیلئے فیصلہ بھی لیا گیا۔ قصور میں 2023 سیلاب متاثرین کی مالی امداد کیلئے 18 ملین امدادی رقم کی بھی منظوری دی گئی۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری نے جنگلات کے تحفظ کیلئے خصوصی اقدامات لینے کی ہدایات جاری کیں۔ 2024 میں جنگلات میں آگ لگنے کے 377 واقعات پیش آئے۔ اجلاس کے دوران سالانہ موسم سرما ہنگامی پلان 2024 کا بھی بغور جائزہ لیا گیا۔ مری میں موسم سرما و برفباری کے پیش نظر اقدامات کی 10 ملین روپے گرانٹ کی منظوری دی گئی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے مری میں متوقع برفباری کے پیش نظر انتظامات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کو تمام تر وسائل فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ مری میں سیاحوں کی رہنمائی کیلئے 13 سہولیاتی مراکز بھی قائم کئے گئے ہیں۔ شہریوں کو موسمی صورتحال بارے پیشگی الرٹ اور آگاہی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کمشنر راولپنڈی و ڈی سی مری نے اجلاس کو انتظامات بارے بریفنگ دی۔ ٹریفک مینجمنٹ مانیٹرنگ اور رپورٹنگ کیلئے مربوط نظام قائم ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کا کہنا تھا کہ پرنٹ، الیکٹرانک و سوشل میڈیا کے ذریعے سیاحوں کو آگاہی فراہم کی جا رہی ہے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری احمد رضا سرور و سیکرٹری ریسکیو ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے بھی اجلاس میں شرکت۔ کمشنر راولپنڈی ڈی سی مری، قصور، لیہ اور ڈی سی خوشاب نے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ آبپاشی، لوکل گورنمنٹ، ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ، لائیو سٹاک، محکمہ ایمرجنسی سروسز اور سپیشل برانچ کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

پانچ برسوں کے دوران کیپسٹی پیمنٹس میں 200 فیصد سے زائد اضافہ

لاہور (این این آئی) پانچ برسوں کے دوران کیپسٹی پیمنٹس میں 200 فیصد سے زائد اضافہ ہو گیا۔ سال 2019 میں کیپسٹی پیمنٹس 611 ارب تھیں، 2024 میں 1900 ارب سے تجاوز کر گئیں، کیپسٹی پیمنٹس میں اضافے کی وجہ روپے کی قدر میں کمی اور بڑھتی ہوئی شرح سود قرار دی گئی۔ نیپرا کی جانب سے کہا گیا ہے کہ کیپسٹی پیمنٹس کو کم کرنے کے لیے بجلی کی طلب میں اضافہ کرنا ہوگا، سال 2020-21 میں کیپسٹی پیمنٹس 613 ارب روپے تھیں، سال 2021-22 میں یہ حجم بڑھ کر 775 ارب روپے ہو گیا، کیپسٹی پیمنٹس میں بڑا اضافہ سال 2022-23 میں دیکھنے کو ملا۔ نیپرا نے کہا ہے کہ سال 2022-23 میں پاور پلانٹس کو 1300 ارب سے زائد کی ادائیگیاں کرنا پڑیں، مہنگائی کی وجہ سے سستے بجلی گھر منصوبے لگانے پر نظر ثانی کرنا پڑے گی، مختلف کمپونٹس کو اعتدال میں لانا پڑے گا۔ نیپرا حکام کے مطابق بجلی کو صارفین کے لیے سستی بنانے کے لیے بجلی مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرنا ہوگی۔

نئی ایس ایم سی پالیسی اور ایف ایل این پالیسی لانچ، آج سے نافذ العمل ہو گی، وزیر تعلیم

وزیر تعلیم نے آئندہ سال کے اہداف بتا دیئے، آؤٹ آف سکول بچوں کیلئے جامع حکمت عملی مرتب

لاہور (سٹی رپورٹر) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے 2025 کو تعلیم کے میدان میں خوشخبریوں کا سال قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ 2025 پنجاب میں تعلیمی نظام کی مزید بہتری کا سال ہو گا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ رواں سال نوجوانوں کیلئے لیپ ٹاپ سکیم لانچ ہونے جا رہی ہے جبکہ اس سال سکالرشپ پروگرام میں سکالرشپس کی تعداد 30 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار اور طالبات کیلئے سکوٹی سکیم میں سکوٹیز کی تعداد 1 لاکھ تک بڑھا دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی ایس ایم سی پالیسی اور ایف ایل این پالیسی گذشتہ روز لانچ کر دی گئی ہے۔ یہ دونوں پالیسیاں آج سے نافذ العمل ہوں گی۔ رانا سکندر حیات نے نئے سال کے اہداف بتاتے ہوئے مزید کہا کہ رواں سال 300 ایڈ ٹیک سکولوں کے قیام کا منصوبہ لائے ہیں۔ 2025 میں نوجوانوں میں ٹیکنالوجی کے فروغ پر توجہ ہو گی۔ اسی مناسبت سے تعلیمی اداروں میں مڈل ٹیک، میٹرک اور انٹر ٹیک کا آغاز بھی رواں سال ہونے جا رہا ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ رواں سال ارلی چائلڈ ہوڈ ایجوکیشن کے ماڈل ادارہ کا بھی افتتاح ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ 2025 میں سکول نیوٹریشن پروگرام کا دائرہ کار مزید اضلاع تک پھیلایا جائے گا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ آؤٹ آف سکول بچے اب آؤٹ آف سکول نہیں رہیں گے، ان کیلئے جامع حکمت عملی بنا لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سال سٹیم ایجوکیشن پر بھی توجہ مرکوز کرنے کا سال ہے۔ وزیر تعلیم نے پرفارمنگ سی ای اوز کو فارن ٹرپ اور انٹرنیشنل ٹریننگ کروانے کی خوشخبری بھی سنائی اور مزید کہا کہ سرکاری سکولوں کا معیار اور اعتماد بحال کرتے ہوئے اس لیول پر لے جائیں گے کہ وزراء اور بیوروکریٹس کے بچے بھی یہاں پڑھنے کو ترجیح دیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ 2025 "سرکاری سکول معیاری سکول" کے سلوگن کو عملی جامہ پہنانے کا سال ہے۔

اڑان پاکستان، نجی شعبہ بھی کردار ادا کرنے کو تیار ہے، راجہ راحیل

پائیدار ترقی کے لیے امن، سیاسی استحکام ضروری ہے، چیئرمین پاکستان اسٹیل آئرن ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان اسٹیل آئرن ایسوسی ایشن و ایگزیکٹو ممبر پیاف راجہ راحیل اشفاق نے حکومت کے اڑان پاکستان پروگرام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں پائیدار ترقی کے لیے امن اور سیاسی استحکام ضروری ہے۔ انہوں نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ برآمدات کو فروغ دینے کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹیکسٹائل اور زراعت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے شہباز حکومت کی جانب سے 2035 تک معیشت کا حجم ایک ٹریلین ڈالر تک بڑھانے کے لیے روڈ میپ کو سراہتے ہوئے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک میں شامل ہونے کے لیے پاکستان کو ایسی ہی حکمت عملی کی ضرورت ہے۔



لاہور، ایک بزرگ ایل پی جی سلنڈر فلنگ کرانے کیلئے جا رہا ہے

کمشنر سوشل سکیورٹی محمد علی کے لاہور میں واقع سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کے دورے

نواز شریف ہسپتال، رحمت للعالمین انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی اور کوٹ لکھپت ہسپتال کی کارکردگی کا جائزہ لیا

لاہور (سپیشل رپورٹر) کمشنر سوشل سکیورٹی (پیسی) محمد علی نے لاہور میں واقع سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کے دورے کئے دورے کے دوران نواز شریف ہسپتال، رحمت للعالمین انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی اور کوٹ لکھپت ہسپتال کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ کمشنر نے ہسپتالوں کے مختلف شعبہ جات اور سیکشنز کا معائنہ کیا۔ وائس کمشنر ڈاکٹر ذوالفقار علی کھرل، میڈیکل ایڈوائزر ڈاکٹر حمیرا بزدار و دیگر متعلقہ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ہسپتالوں میں صفائی ستھرائی، ڈاکٹرز کی حاضری، میڈیسن سٹورز و دیگر و ریکارڈ، ڈاکٹرز و دیگر عملہ کے بیومیٹرک حاضری سسٹم کو خصوصی طور پر چیک کیا گیا۔ کمشنر پیسی محمد علی نے مختلف وارڈز میں بیڈز کے معیار اور مریضوں کو دی جانے والی دیگر سہولیات کا معائنہ کیا اور ہسپتالوں میں جاری ترقیاتی کاموں کا بغور جائزہ لیا۔ متعلقہ حکام نے کمشنر سوشل سکیورٹی کو بریفنگ دی۔ کمشنر پیسی محمد علی کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ہسپتالوں میں جاری تعمیراتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے کوالٹی اور میٹریل کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ہسپتالوں میں ایس او پیز کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وارڈز میں داخل مریضوں کو بہترین سہولیات فراہم کریں۔ ورکرز اور اُن کے اہل خانہ کے علاج و معالجہ میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بغیر سفارش فوری انصاف: کھلی کچہریوں میں 534 شکایات پر مقدمات درج

2024 میں براہ راست ڈی آئی جی آپریشنز نے 3,833 شہریوں کی شکایات سنی، مظلوم کی دادرسی سے ہی قانون کی بالادستی ممکن ہے: ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) بروقت مظلوموں کی دادرسی اور انصاف کی فراہمی کے بغیر معاشرے میں امن اور عوام کا اعتماد قائم نہیں کیا جا سکتا۔ اس تناظر میں ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے شہریوں اور پولیس کے درمیان فاصلے ختم کرنے، اعتماد کی بحالی اور قانون کی بالادستی یقینی بنانے کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات کیے۔ جرائم پیشہ عناصر جیسے ڈکیتوں، چوروں، اغوا کاروں، اور قبضہ مافیا کو نکیل ڈالنے کے ساتھ ساتھ جنسی تشدد میں ملوث افراد، غنڈہ گرد عناصر اور دیگر معاشرتی برائیوں کے خلاف بروقت اور سخت کارروائیاں کیں۔ اس کے علاوہ ظلم و ستم کے شکار افراد کو فوری، بلاتعصب اور بغیر کسی سفارش کے انصاف فراہم کرنے کے لیے کھلی کچہریوں کی صورت شفاف نظام وضع کیا۔ ان اقدامات نے نہ صرف عوام میں اعتماد پیدا کیا بلکہ قانون کے نفاذ کی ایک بہترین مثال بھی قائم کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز نے اپنے عہدے کی آٹھ ماہ کی تعیناتی کے دوران اپنے دفتر میں 202 اور مساجد میں 26 کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا۔ جن میں شہریوں کی باعزت طریقہ سے شکایات سن کر فوری کارروائی کی گئی۔ مجموعی طور پر 3,833 شہری براہ راست ڈی آئی جی آپریشنز کے پاس شکایات لے کر آئے جن میں سے جنسی و گھریلو تشدد، ہراسگی، فراڈ، قبضہ، دھمکی اور دیگر مسائل کی شکایات ثابت ہونے پر 534 مقدمات درج کیے گئے۔ علاوہ ازیں ڈی آئی جی آپریشنز کے حکم پر 2024 کے دوران ایس پی دفاتر میں 1810 اور مساجد میں 3000 سے زائد کھلی کچہریوں کے ذریعے شہریوں کے مسائل حل کیے گئے۔ کھلی کچہریوں میں موصول شکایات پر نہ صرف شہریوں کو انصاف فراہم کیا گیا بلکہ پولیس افسران اور اہلکاروں کا بھی سخت احتساب کیا گیا۔ پولیس اہلکاروں کے خلاف آنے والی 47 درخواستوں پر اعلیٰ سطحی انکوائری مکمل کی گئی اور قصور وار ثابت ہونے پر ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے فیصلے سنائے گئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ عوام کو بغیر سفارش فوری انصاف فراہم کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فوری فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہر جمعہ کے روز 100 سے زائد مساجد میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جاتا ہے اور یہ سلسلہ رواں سال بھی جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مظلوم کی دادرسی سے ہی عوام کا پولیس پر اعتماد بحال ہو سکتا ہے اور قانون کی بالادستی قائم کی جا سکتی ہے۔

ویٹرنری یونیورسٹی اور لاہور پولو کلب کے درمیان مفاہمتی یاداشت کا معاہدہ طے پا گیا

یہ معاہدہ دونوں اداروں کے لیئے بڑا خوش آئند ثابت ہو گا، پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی



لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور اور لاہور پولو کلب کے درمیان گھوڑوں کے علاج اور ان میں پائی جانے والی بیماریوں کی تشخیص اور یونیورسٹی کے طلبہ کی انٹرن شپس سے متعلقہ اشتراک قائم کرنے کے لیئے مفاہمتی یاداشت کا معاہدہ طے پایا۔ یاداشت پر دستخط ویٹرنری یونیورسٹی سے وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس اور ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی نے جبکہ صدر لاہور پولو کلب مسٹر اعظم نون نے منعقدہ تقریب میں کیئے جبکہ دیگر اہم شخصیات میں پروفیسر ڈاکٹر عاصم اسلم کے علاوہ یونیورسٹی کے سینئر فیکلٹی ممبران اور پولو کلب سے آفیشلز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی پولو کلب کے جانوروں کے علاج معالجے سے متعلقہ ویٹرنری اور بیماریوں کی تشخیصی سرسز دینے کے لیئے ہمہ وقت امادہ ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی نے کہا کہ یہ معاہدہ دونوں اداروں کے لیئے بڑا خوش آئند ثابت ہو گا بالخصوص طلبہ کو انٹرن شپس کے تحت بیمار اور زخمی گھوڑوں کے علاج معالجے سے متعلقہ عملی تربیت سیکھنے کا موقع بھی ملے گا۔ مفاہمتی یاداشت کے تحت مستقبل میں ویٹرنری یونیورسٹی لاہور پولو کلب کو گھوڑوں کے علاج معالجے کے لیئے ویٹرنری اور ان میں پائی جانے والی بیماریوں کی تشخیص سے متعلقہ خون کے دیگر ٹیسٹ کی سروسز مہیا کرے گی نیز ویٹرنری ڈاکٹر اصطبل کی صفائی ستھرائی، بیمار اور زخمی گھوڑوں کے علاج کے لیئے کلب کا دورہ کیا کریں گے۔ لاہور پولو کلب ویٹرنری یونیورسٹی کے طلبہ میں فیلڈ سے متعلقہ عملی مہارتوں کو اجاگر کرنے کے لیئے انٹرن شپس اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ کو تحقیق کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔ بعد ازیں یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کا تعلیم و تحقیق میں اشتراک قائم کرنے کے لیئے ٹینگ چائنیز ایجوکیشن اینڈ ٹیکنالوجی لیمیٹڈ کے ساتھ بھی مفاہمتی یاداشت کا معاہدہ طے پایا۔

ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضل چودھری سے پاکستان موئے تھائی فیڈریشن کے وفد کی ملاقات

وفد میں سینئر نائب صدر ڈاکٹر نصیب خان اور ورلڈ موئے تھائی چیمپئن شپ میں سلور میڈل حاصل کرنیوالے دانیال علی اشرف و دیگر موجود تھے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضل چودھری سے نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں پاکستان موئے تھائی فیڈریشن کے وفد نے ملاقات کی ہے، وفد میں سینئر نائب صدر ڈاکٹر نصیب خان، میاں ریحان، لیاقت علی، وسیم اور ورلڈ موئے تھائی چیمپئن شپ میں سلور میڈل حاصل کرنیوالے کھلاڑی دانیال علی اشرف موجود تھے، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضل چودھری نے ورلڈ موئے چیمپئن شپ میں سلور میڈل حاصل کرنیوالے کھلاڑی دانیال علی اشرف کو مبارکباد دی ہے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضل چودھری نے اس موقع پر کہا ہے کہ سپورٹس بورڈ پنجاب کھیلوں کی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، گراس روٹ لیول سے نئے کھلاڑی سامنے لانا ہمارا مشن ہے، سپورٹس بورڈ پنجاب سپورٹس کے فروغ کیلئے ایونٹس کے انعقاد کے لیے بھرپور تعاون کر رہا ہے، حال ہی میں اسلام آباد میں ہونیوالی بین الصوبائی قائداعظم گیمز میں پنجاب کے کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ پاکستان موئے تھائی فیڈریشن کے سینئر نائب صدر ڈاکٹر نصیب اللہ خان نے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب خضر افضل چودھری کو سوینئر اور شیلڈ پیش کی اور انہوں نے ڈی جی سپورٹس پنجاب کا پنجاب موئے تھائی چیمپئن شپ کے انعقاد میں تعاون پر شکریہ ادا کیا اور کہا ہے کہ پاکستان موئے تھائی فیڈریشن اپریل میں نیشنل موئے تھائی چیمپئن شپ کا انعقاد کر رہا ہے۔ اس سے قبل ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضل چودھری کی زیر صدارت نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے ایڈمنسٹریٹرز کا اجلاس منعقد ہوا ہے، اجلاس میں ڈائریکٹر ایڈمن ڈاکٹر محمد کلیم، ڈائریکٹر سپورٹس رانا ندیم انجم، ٹینس سٹیڈیم، پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس، نیشنل ہاکی سٹیڈیم، جمنیزیم ہال کے ایڈمنسٹریٹرز اور ہاسٹل انچارجز نے شرکت کی ہے، نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے تمام ایڈمنسٹریٹرز اور ہاسٹل انچارجز نے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب خضر افضل چوہدری کو سوینئر اور شیلڈ پیش کی اور انہوں نے ڈی جی سپورٹس پنجاب کا پنجاب موئے تھائی چیمپئن شپ کے انعقاد میں تعاون پر شکریہ ادا کیا اور کہا ہے کہ پاکستان موئے تھائی فیڈریشن اپریل میں نیشنل موئے تھائی چیمپئن شپ کا انعقاد کر رہا ہے۔ اس سے قبل ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضل چودھری نے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس اور ڈائریکٹر سپورٹس کو گیمز کے انٹر ڈویژن مرحلے کے لیے بہترین انتظامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔

برکی روڈ لاہور پر واقع چوہدری ہومز فیز 2 میں ایک روزہ فری میڈیکل کا انعقاد کیا گیا

کیمپ میں مریضوں کو مفت شوگر ٹیسٹ، الٹراساؤنڈ مفت ادویات فراہم کی جا رہی ہیں، میڈیکل کیمپ میں مریضوں کو ایکو کارڈیوگرافی کی سہولت بھی 50 فیصد رعایت کے ساتھ آفر کی گئی

لاہور (خبر نگار) برکی روڈ لاہور پر واقع چوہدری ہومز فیز 2 میں ایک روزہ فری میڈیکل کا انعقاد کیا گیا۔ نامور سماجی شخصیت اورسی ای او چوہدری ہومز آصف جٹ کے تعاون سے منعقدہ اس کیمپ میں معروف کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر شاہد اقبال اور شوگر اسپیشلسٹ ڈاکٹر راشد خان نے شوگر، بلڈ پریشر، معدہ، جگر اور امراض قلب میں مبتلا 200 سے زائد مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا۔ اس موقع پر مریضوں کے مفت شوگر ٹیسٹ اور الٹراساؤنڈ کرنے کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ میڈیکل کیمپ میں مریضوں کو ایکو کارڈیا گرافی کی سہولت بھی 50 فیصد رعایت کے ساتھ آفر کی گئی تھی۔ اہلیان علاقہ نے ڈاکٹر شاہد اقبال اور ٹیم کی جانب سے اس نیک کاوش کو سراہا اور آئندہ بھی اس سلسلے کو اسی طرح جاری رکھنے کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔



پی آئی سی کے اے ایم ایس ڈاکٹر شاہد اقبال فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا معائنہ کر رہے ہیں

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام 151 واں ایکڈ یمک کونسل کا اجلاس منعقد

پروفیسر اعجاز حسین انتہائی مخلص انسان اور ادارے کے لئے ایک اثاثہ تھے، پروفیسر محمود ایاز

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام 151 واں ایکڈ یمک کونسل کا اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز نے کی۔ اجلاس میں مختلف ایجنڈے زیر بحث آئے جن میں خاص طور پر ریٹائرڈ ہونے والے پروفیسر اعجاز حسین کو الوداع کہنا تھا۔ پروفیسر اعجاز حسین کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے پرووائس چانسلر اور وائس چانسلر کے عہدے پر تعینات رہے اس کے علاوہ آپ نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے دیگر کئی انتظامی عہدوں اور معاملات میں بخوبی ذمہ داریاں نبھائیں آپ کنگ ایڈورڈ سے ہی گریجویٹ رہے اور اسی ادارے سے ریٹائرڈ ہو رہے ہیں۔ اس موقع پر ممبران ایکڈ یمک کونسل کی جانب ان کی ادارے کے لئے بہترین خدمات پر بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کی یونیورسٹی کے لئے کاوشوں کو سراہا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کا کہنا تھا کہ پروفیسر اعجاز حسین انتہائی مخلص انسان اور ادارے کے لئے ایک اثاثہ تھے، آپ اپنے مریضوں، ساتھیوں اور سٹوڈنٹس کے ساتھ بے حد شفیق تھے جبکہ آپ اپنے نام کی مناسبت سے ایک مجرے کی مانند ہیں، آپ انتہائی خوش مزاج شخصیت اور سٹوڈنٹس کے لئے رول ماڈل ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ریٹائرڈ ہونا زندگی میں تبدیلی لے کر آتا ہے دعا ہے کہ ان کی خدمات کا سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا۔ پرو وائس چانسلر پروفیسر محمد معین کا کہنا تھا کہ پروفیسر اعجاز حسین نے پرووائس چانسلر کی حیثیت سے فرائض بخوبی نبھائے سب لوگوں کے تاثرات سے یہ ہی ثابت ہوتا ہے کہ آپ لوگوں کے دلوں میں بستے ہیں۔ رجسٹرار پروفیسر محمد عمران کا کہنا تھا کہ پروفیسر اعجاز حسین بہت اچھے دوست ہیں اور میرا ان کا ساتھ کافی سالوں سے تعلق ہے۔ پروفیسر ابرار اشرف نے کہا کہ پروفیسر اعجاز حسین سے میرا بہت گہرا تعلق ہے، م آپ انتہائی خوش مزاج اور صاف دل کے مالک ہیں۔ آپ نے ذاتی رائے کو ترک کر کے ادارے کا نام و مقام بلند کرنے میں ہمیشہ کردار ادا کیا۔ پروفیسر محمد ہارون حامد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر اعجاز حسین کی کمی ہمیشہ رہے گی ان کی شعبہ ڈرماٹالوجی اور یونیورسٹی کے لئے خدمات قابل تعریف ہیں۔ پروفیسر عظمی حسین کا کہنا تھا کہ پروفیسر اعجاز حسین انتہائی قابل، مثبت، محنتی اور نفیس شخصیت کے مالک ہیں دعا ہے کہ ان کی آنے والی زندگی خوشیوں سے بھرپور ہو۔ پروفیسر زاراعشرت کا کہنا تھا کہ آپ ایک خوش اخلاق اور صاف دل کے مالک ہیں۔ پروفیسر احسن نعمان کا کہنا تھا کہ پروفیسر اعجاز حسین سے میرا تعلق زمانہ طالبعلمی سے ہے آپ نے ہمیشہ میری رہنمائی کی اور میں نے ان کو مددگار پایا۔ اس موقع پر پروفیسر اعجاز حسین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں تمام فیکلٹی ممبران کی جانب سے حوصلہ افزائی پر بے حد مشکور ہوں، میری سروس کے 34 سالوں میں سے 25 سال کنگ ایڈورڈ میں گزارے یہ ادارہ علم کی ایک عظیم درسگاہ ہے جس کی بدولت نام و مقام ملا۔ انہوں نے کہا کہ میں پروفیسر خالد مسعود گوندل اور موجودہ وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کا بے حد مشکور ہوں جن کے ساتھ مجھے کام کرنے کا موقع ملا اور میں نے پروفیسر محمود ایاز سے بہت کچھ سیکھا اور ان کو ہمیشہ مخلص پایا اور مجھے ان سے عزت اور مقام ملا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ لوگوں کے ساتھ انصاف کریں اور اللہ سے اپنے لئے رحم مانگیں، میری دعا ہے کہ کنگ ایڈورڈ پروفیسر محمود ایاز کی سربراہی میں مزید ترقی کرے اور اس عظیم درسگاہ کا نام مزید بلند ہو۔ اجلاس کے اختتام پر کیک کاٹا گیا اور وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز اور فیکلٹی ممبران کی جانب سے پروفیسر اعجاز حسین کو ان کی بہترین خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈز سے نوازا گ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 3 جنوری 2024ء

شہری کمپریسر استعمال کرنیوالے صارفین کی بند ہی کریں میاں سہیل اکرم

نہ تو ہم اپنی فرض شناسی پر کوئی کمپرومائز کریں گے نہ ہی کسی کو گیس چوری یا کمپریسر کے استعمال کی اجازت دی جائے گی، چیف انجینئر مبشر حلیب

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سوئی ناردرن گیس کے جنرل منیجر میاں سہیل اکرم اور چیف انجینئر مبشر حبیب نے کہا ہے کہ گیس پائپ لائنوں پر کمپریسر کے استعمال کی حوصلہ شکنی کیلئے شہری اپنا ذمہ دارانہ کردار ادا کریں اور ایسے صارفین کی نشاندہی کریں جو یہ عمل انجام دے رہے ہیں تاکہ فوری کاروائی عمل میں لائی جاسکے، صارفین کے جملہ حقوق کا تحفظ اور انہیں درپیش مسائل کا حل یقینی بنانا ہماری ذمہ داری ہے جس کی خاطر بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں نہ تو ہم اپنی فرض شناسی پر کوئی کمپرومائز کریں گے نہ ہی کسی کو گیس چوری یا کمپریسر کے استعمال کی اجازت دی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، جنرل منیجر میاں سہیل اکرم نے کہا کہ سردیوں کے باعث گیس کے استعمال میں ہونے والے اضافے کے پیش نظر لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ بڑھانے کا اقدام قطعی نہیں اٹھایا جائے گا ڈویمنک و کمرشل صارفین کو گیس معمول کے مطابق مہیا کی جاتی رہے گی گیس پریشر میں کمی کی شکایات کا مکمل ازالہ کر دیا گیا ہے ضلع میں کسی صارف کو اب اس حوالے سے مشکل کا سامنا نہیں گیس چوری کی روک تھام کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کے باعث اس لاقانونیت میں واضح کمی آئی ہے اور باقی ماندہ گیس چور بھی کاروائی سے بچ نہیں پائیں محکمہ کی فیلڈ ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پاکستان ایک نظریاتی ملک ہے جس کی اساس کلمہ طیبہ پر رکھی گئی تھی، مفتی سردار احمد سعیدی

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) انجمن طلباء اسلام چھانگا مانگا کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد حنفیہ رضویہ میں منعقدہ "درود وسلام نائٹ" کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مفتی سردار احمد سعیدی نے کہا کہ پاکستان ایک نظریاتی ملک ہے جس کی اساس کلمہ طیبہ پر رکھی گئی تھی جس کے حصول کے لیے بیس لاکھ مسلمان شہید ہوئے اور دنیا کی سب سے بڑی ہجرت وقوع پذیر ہوئی سنی اتحاد کونسل کے مرکزی ترجمان علامہ ارشد جاوید مصطفائی نے کہا کہ سال نو کے آغاز پر درود وسلام بحضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم پیش کرنے کی محافل سجا کر وطن عزیز کے تشخص کو اجاگر کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ترقی اور کامیابی کا راز سیکولرازم اور سوشلزم میں نہیں بلکہ نفاذ نظام مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم میں مضمر ہے انجمن طلباء اسلام ضلع قصور کے ناظم علی حیدر نے کہا کہ اے ٹی آئی نوجوان طلباء کو نظام مصطفی کے نفاذ مقام مصطفی کے تحفظ اور وطن عزیز کی سالمیت کے لیے تیار کر رہے ہیں تقریب کے مہمان خصوصی پیر محمد بلال خاں عرفانی اور سابق سیکرٹری جنرل محمد اکرم رضوی تھے قاری خلیل احمد چشتی اور قاری غلام فرید نظامی نے تلاوت اور نعت کی سعادت حاصل کی تقریب کے اختتام پر ملک وقوم کی ترقی کے لیے دعا کی گئی۔

ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا باعث تشویش ہے، امیر جماعت اسلامی سیالکوٹ

عام آدمی پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے۔ سرجن ڈاکٹر طاہر بٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) جماعت اسلامی ضلع سیالکوٹ کے امیر چوہدری امتیاز احمد بریار، نائب امراء سرجن ڈاکٹر طاہر بٹ، ڈاکٹر محمد اسلم نے مارکیٹ میں ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اور ہوش ربا اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام الناس پہلے ہی اشیائے صرف، بجلی، تیل گیس کی قیمتوں میں اضافے کا سامنا کر رہی ہے اب ادویات کی قیمتوں کی اڑان نے مریضوں اور کم آمدنی والے طبقات کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پاکستان دواساز ملٹی نیشنل کمپنیوں کو من مانیوں سے روکے اور عوام کو سستے داموں ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے باقاعدہ چیک اینڈ بیلنس کا مربوط نظام وضع کر کے مہنگی ادویات ریگولیٹری اتھارٹی کے ذریعہ کنٹرول کرتے ہوئے مہنگائی کم کرنے کی بیانات کی بجائے عملی کوششیں کرے وگرنہ جماعت اسلامی عام پاکستانیوں کی تکلیفوں کی خاطر ہمیشہ پرامن احتجاج کا اصولی موقف اختیار کرنے میں حق بجانب ہے۔

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی جانب سے خان برادرز کو مبارکباد

خان برادرز کی ترقی کیلئے دعاگو ہیں۔ ملک شہباز احمد و شرکاء



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی جانب سے خان برادرز کے نئے فرنٹڈ آفس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر پرتپاک خیرمقدم کیا گیا۔اس موقع پر ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ، سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شاہد میر، حسن سرفراز بھلی، سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راحت نذیر وینس، فیصل تیمور سیٹھ، میاں مرتضیٰ حسن، علی الیاس ایڈووکیٹ، طاہر اختر قادری، محمد رضوان قادری و توصیف چوہدری و شرکاء ایس اینڈ اے نے خصوصی شرکت کرتے ہوئے خان برادرز کو نئے آفس کے قیام پر پرتپاک خیر مقدم کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

اگوکی میں سرکاری ریٹ پر عوامی روٹی کی فروخت جاری ہے، شہباز ریمبو

اے سی سیالکوٹ نے دوران چیکنگ نان بائیوں کو شاباش دی، چاند راجپوت



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے حکم کے عین مطابق اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ کینٹ کے زیر نگرانی سیالکوٹ کینٹ کے مختلف علاقوں میں نان بائی ایسوسی ایشن کے ساتھ طے شدہ سرکاری ریٹ کے مطابق 100 کرام روٹی عوام الناس کو فراہم کر رہے ہیں۔ کوشش ہے کہ ہوشربا مہنگائی کے ستائے پریشان عام شہریوں کیساتھ انسان دوست پالیسی اپنا کر اپنا حصہ ڈالیں۔ان باتوں کا اظہار نان بائی ایسوسی ایشن اگوکی کے صدر شہباز ریمبو اور چاند راجپوت نے اپنے مشترکہ میڈیا بیان میں کیا۔اس موقع پر اگوکی ماڈل ٹاؤن سے تعلق رکھنے والے سوشل ورکرز ارسل جلیل بٹ، عمران بٹ، شبیر حسین جمی، معید ڈار، ملک آیمن، قاسم مغل، صحافی محمد رمضان، شانی بٹ، عظیم بٹ کا کہنا تھا کہ یہ بات لائق تحسین ہے کہ اگوکی ماڈل ٹاؤن کے نان بائی مفلوک الحال مستحقین اور بھکاریوں کو بھی مفت روٹی دے کر انسان دوستی کا عملی مظاہرہ کرتے ہیں جس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

پاکستان کارگو میں مینجمنٹ و سٹاف نے سال نو کا کیک کاٹا گیا

سی ای او پاکستان کارگو سرو سز محمد یوسف کیجانب سے سٹاف کیلئے ناشتہ کا اہتمام کاروبار و ملک وقوم کیلئے خصوصی دعا کا اہتمام کیا گیا



سیالکوٹ (خواجہ عابد جاوید سے) پاکستان کارگو سروسز ہیڈ آفس میں مینجمنٹ و سٹاف نے سال نو کا کیک کاٹا اس موقع پر تلاوت کلام پاک ونعت شریف کا اہتمام ہوا جس کے بعد ملک وقوم کی سلامتی و خوشحالی معاشی استحکام اور کاروبار کی وسعت اور احباب کی صحت تندرستی کیلئے سی ای او پاکستان کارگو سروسز محمد یوسف ڈائیریکٹر ایئر سیال/ ایئر سیال کی زیر صدارت خصوصی دعا کا اہتمام ہوا۔اپنے مختصر پیغام میں ڈائیریکٹر سیال/ ایئر سیال محمد یوسف آف پاکستان کارگو سروسز نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی بیشمار نعمتوں فضل کرم پر اس کا بیشمار شکر ادا کرتے ہیں۔دعا ہے کہ نیا سال ہمارے ملک وقوم کیلئے خوشیوں بھرا ہو۔ ہماری کامیابی کا سہرا ہمارے آفس مینجمنٹ اور تمام سٹاف کے دم قدم سے ہے۔ پاکستان کارگو ایک فیملی کا نام ہے جس کی غم وخوشیاں سانجھی ہیں۔کیک کٹنگ کے بعد پاکستان کارگو کیجانب سے پرتکلف علوہ پوری وسبز چائے کا اہتمام کیا گیا

ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی زیر صدارت اجلاس

ڈویژن بھر میں جاری ترقیاتی سکیموں پر پیشرفت کی تفصیلی بریفنگ



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی زیر صدارت کمشنر آفس میں ڈویژن میں جاری ترقیاتی سکیموں کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔انہوں نے ڈویژن بھر میں جاری ترقیاتی سکیموں پر پیشرفت کی تفصیلی بریفنگ لی۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید، ڈپٹی کمشنر پاکپتن سعدیہ مہر، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر عمران خان سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ چیف سیکرٹری پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں متعلقہ افسران منصوبوں کی خود نگرانی کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق ہر صورت مکمل کیا جائے اور کام کی کوالٹی کو برقرار رکھا جائے۔انہوں نے کہا کہ عوامی بہبود کی سکیموں کی تکمیل میں مزید تاخیر کی گنجائش نہیں۔کمشنر شعیب اقبال سید نے سڑکوں کی مرمت و بحالی کے حوالے سے جاری پروگرام بارے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سیوریج اور ڈرین ڈالنے کے بعد روڈز کی مرمت اور بحالی کا کام شروع کیا جائے۔ انہوں نے تمام محکموں کے افسران کو باقی ماندہ فنڈز کی فراہمی میں بھی معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔

امید کرتے ہیں کہ پاکستان ایک آزاد جمہوری نظام کے سائے میں آگے بڑھے گا، سید آفتاب عظیم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری نے سال نو کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ نئے سال کی آمد پر ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان ایک آزاد جمہوری نظام کے سائے میں آگے بڑھے گا اور دنیا میں ہونے والی تبدیلیوں کے تناظر میں ایک مضبوط مملکت بن کر ابھرے گا پوری قوم اور ادارے جسد واحد کی طرح اس مملکت کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لئے یکجان رہیں گے، ملک وقوم پہلے بھی جس طرح بہت سی قربانیاں دے رہے ہیں وہ ایک مثال ہے۔ گزرے سال پاکستانی قوم دہشت گردی کے خلاف جس عزم سے لڑی ہے اور قربانیاں دی ہیں وہ مملکت خداداد پاکستان کی سلامتی اور استحکام کیلئے ایک قابل رشک مثال ہے۔

سٹاک ایکسچینج کا 1 لاکھ کی حد عبور کرنا گڈ گورننس کی طرف اشارہ ہے، چوہدری ضرغام احمد گورائیہ/ چوہدری محمد صہیب گورائیہ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حکومت بہترین کام کر رہی ہے سٹاک ایکسچینج کا 1 لاکھ کی حد عبور کرنا گڈ گورننس اور معیشت کی بحالی کی طرف اشارہ ہے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلی پنجاب مریم نواز معیشت کی بحالی کیلئے بیرون ممالک کے دورے کر رہے ہیں جو خوش آئند ہیں امید ہے کاروبار بحال ہونے سے معیشت مضبوط ہوگی ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ معیشت کا انحصار ملک میں جاری کاروباری صورتحال پر ہوتا ہے کاروباری طبقے کو ریلیف ملنے سے کاروبار بہتر اور روزگار کے مواقع میسر آتے ہیں امید ہے 2025 معیشت کی بحالی کا سال ہوگا۔

گورنمنٹ مڈل سکول کے سابق ہیڈ ماسٹر شیخ امتیاز احمد کی والدہ محترمہ یہاں محلہ حسین پورہ میں انتقال کر گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ مڈل سکول کے سابق ہیڈ ماسٹر شیخ امتیاز احمد کی والدہ محترمہ یہاں محلہ حسین پورہ میں انتقال کر گئیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ بڑے قبرستان ریلوے لائن والے میں ادا کی گئی۔جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔قل شریف کا ختم آج صبح دس بجے جامع مسجد کھجوروالی محلہ حسین پورہ میں ہوگا۔

کالج آف انٹرنیشنل سکلز ڈویلپمنٹ شیخوپورہ میں کتاب میلہ کا انعقاد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) کالج آف انٹرنیشنل سکلز ڈویلپمنٹ شیخوپورہ میں کتاب میلہ کا انعقاد کیا گیا جس کا اہتمام پیام پاکستان تنظیم کے تعاون سے کالج آف سکلز ڈویلپمنٹ شیخوپورہ نے کیا اس موقع پر سول سوسائٹی کے افراد کے علاوہ طلبا کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی طلبا نے کتاب میلہ کے عمل کو خوش کن قرار دیا اور اس طرح کی صحت مند سرگرمیوں کے تسلسل کے ساتھ انعقاد کی خواہش کا اظہار بھی کیا اس موقع پر کالج آف انٹرنیشنل سکلز ڈویلپمنٹ کے پرنسپل عمران امین نے کہا کہ وہ نئی نسل کو قلم اور کتاب سے جوڑنے کے مشن پر قائم ہیں انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے میں پھیلی بے چینی اور ابتری کی وجہ نوجوان نسل کی کتاب سے دوری ہے اور اس دوری کو ختم کرنے کے لیے ہر ممکنہ قدم اٹھائیں گے آخر میں عمران امین نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا مختلف ہسپتالوں کا ہنگامی دورہ

صفائی ستھرائی، سیوریج نظام کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے رات ساڑھے بارہ بجے ٹی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں کا چانک دورہ کیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق رات گئے اچانک مختلف ہسپتالوں کے دورے کئے جہاں انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات اور دیگر انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے شہر کے گنجان آباد علاقہ علی پور روڑ محلہ کشمیر نگر کا بھی دورہ کیا اور وہاں صفائی ستھرائی، سیوریج نظام کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے رات ساڑھے بارہ بجے ٹی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں کا چانک دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، ادویات کی مفت فراہمی، سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے شعبہ ایمرجنسی سمیت مختلف وارڈز کے دورہ کرتے ہوئے وہاں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے مریضوں اور انکے لواحقین سے علاج معالجہ اور ادویات کی مفت فراہمی بارے فیڈ بیک لیا۔بعد ازاں ڈپٹی کمشنر ات ایک بجے رورل ہیلتھ سنٹر جلالپور بھٹیاں کا دورہ کیا اور وہاں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات، سٹاف کی حاضری، ادویات کا ریکارڈ، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر کے احکامات نظر انداز 4 روز گزر جانے کے باوجود بنیادی مرکز صحت کھیاڑے کلاں عملہ کے معطلی کے آڈر نہ ہو سکے،

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر کے احکامات نظر انداز 4 روز گزر جانے کے باوجود بنیادی مرکز صحت کھیاڑے کلاں عملہ کے معطلی کے آڈر نہ ہو سکے ضلعی محکمہ صحت کے معتبر ذرائع نے انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ چار 4 روز قبل 29 دسمبر کی رات کو ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے اچانک بنیادی مرکز صحت جوکہ ہیلتھ ڈاکٹر طلحہ خیر وانی کی طرف سے عملہ کی معطلی کے آرڈر نہیں کیے گئے ہیں ذرائع نے بتایا کہ پہلی بار دیکھنے کو آرہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کے احکامات کو نظر انداز کیا جارہا ہے اور تاحال کوئی بھی معطلی کا حکم سامنے نہیں آیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا ڈی ایچ کیو ہسپتال کا تفصیلی دورہ

مریضوں کو ادویات نہ ملنے کی شکایت نہیں ملنی چاہئے، ڈپٹی کمشنر کا حکم



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے طبی و انتظامی امور چیک کرنے کیلئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چنیوٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔ایم ایس ڈاکٹر احمد خان ودیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو میں ڈاکٹرز وسٹاف کی حاضری چیک کی، صفائی کا معیار دیکھا اور ایمرجنسی سمیت وارڈز میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات اور علاج معالجہ کی سہولیات بارے فیڈ بیک لیا۔انہوں نے میڈیکل ایمرجنسی سروسز کو چوکس رکھنے کی ہدایت کی جبکہ دستیاب مشینری کو ہر قیمت پر فعال رکھنے کی تاکید کی۔انہوں نے ادویات کی دستیابی اور ریکارڈ چیک کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں کو ادویات نہ ملنے کی شکایت نہیں ملنی چاہیے۔انہوں نیایم ایس کو ہدایت کی کہ تمام وارڈز میں مریض کے ساتھ صرف ایک شخص کو رکنے دیا جائے اور رش ہرگز نہ ہونے دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہسپتال کو درکار وسائل کی فراہمی کے لئے بھی موثر اقدامات کئے جائیں گے۔

آج طلبا کی تعلیمی صلاحیتوں پر حوصلہ افزائی کا دن ہے، محمد عارف شہزاد

آج کا دن بچوں کیلئے باعث خوشی اور والدین کیلئے باعث فخر کا دن ہے



میاں چنوں (نمائندہ قوت) تفصیلات کے مطابق میاں چنوں پاکستان گرائمر اسکول (نجی سکول) میں سالانہ نتائج کے بارے ایک انتہائی پروقار تقریب سجائی گئی جہاں پر اسکول کے طلباء وطالبات اور والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تقریب کے مہمانان خصوصی میں سابق ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سکندر سرسرانہ، جنرل سیکرٹری پریس کلب چوہدری اشعر نعمان، چوہدری عبد القیوم اور پروفیسر حسنین شاہ تھے، اس موقع پر طلباء وطالبات کی تعلیم صلاحیتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے فٹ، سیکنڈ، تھرڈ پوزیشن ہولڈرز بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے سرٹیفکیٹس اور شیلڈز تقسیم کی گئیں، اس موقع پر پرنسپل اسکول محمد عارف شہزاد، سکندر سرسرانہ، چوہدری اشعر نعمان نے شرکاء سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن بچوں کیلئے باعث خوشی اور والدین کیلئے باعث فخر کا دن ہے کیونکہ سارا سال محنت اور لگن سے تعلیم جاری رکھنے والے بچوں کی بہترین کارکردگی پر انہیں انعامات سے نوازا گیا ہے اور انکی حوصلہ افزائی کی گئی، تاکہ بچے اپنے بہترین، روشن مستقبل کیلئے محنت کرتے رہیں، انکا کہنا تھا کہ بچوں کی کامیابی میں اسکول اساتذہ کی سرپرستی اور محنت شامل ہے، کیونکہ اسکول حذا میں بچوں کو ڈیجیٹل تعلیمات فراہم کرنے کے ساتھ دینی تعلیم خاص طور پر حفظ القرآن کی تعلیمات بھی دی جاتی ہے۔

اہلحدیث یوتھ فورس تحصیل حافظ آباد کے سابق صدر اور جامع مسجد کوٹ چیاں کے خطیب مولانا عطاء اللہ کلیم دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) اہلحدیث یوتھ فورس تحصیل حافظ آباد کے سابق صدر اور جامع مسجد کوٹ چیاں کے خطیب مولانا عطاء اللہ کلیم دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔مرحوم سابق کونسلر حاجی رحمت اللہ کے بہنوئی اور حافظ احسان الٰہی ظہیر کے والد تھے۔نماز جنازہ ریلوے لائن والے قبرستان میں ادا کی گئی۔

چنیوٹ شہر کے مختلف چوکوں کو بند کر کے سڑکات کو ون وے کیا جائے، جس طرح غلہ منڈی فیصل آباد روڈ پر جھمرہ چوک کو بند کر کے ون وے کیا گیا، ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کا تحریر مراسلے میں مطالبہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ نے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کو ایک تحریری مراسلہ ارسال کرتے ہوئے چنیوٹ شہر کے مختلف چوکوں کو بند کر کے سڑکات کو ون وے کیا جائے جس طرح غلہ منڈی فیصل آباد روڈ پر جھمرہ چوک کو بند کر کے ون وے کیا گیا جس کی وجہ سے وہاں روزمرہ کے حادثات میں کمی دیکھی گئی ہے اسی کو مدنظر رکھتے ہوئے جھنگ روڈ جھمرہ چوک، رجوعہ چوک اور پرانا اڈا سرگودھا روڈ ریلوے اسٹیشن چوک۔مذکورہ چوکوں کو اگر ون وے کر دیا جائے تو آئے روز کے حادثات میں کمی آسکتی ہے اس کے علاوہ شاہراہِ اقبال پر ٹریفک کا بہت زیادہ بہاؤ ہے ون وے ہونے کے باوجود بہت حادثات تیز رفتاری کی وجہ سے ہوتے ہیں اس سلسلے میں استدعا ہے کہ مختلف سڑکات پر سپیڈ بریکر بنائیں جائیں تو حادثات میں نمایاں کمی واقع ہو گی مزید برآں ہائی وے سڑکات پر کچھ لوگوں نے میونسپل کارپوریشن اور ہائی وے سے مل کر اپنی مرضی سے فٹ پاتھ کاٹ کر راستے نکال لئے ہیں جس سے حادثات میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے ٹریفک پولیس کی فوج ظفر موج ہونے کے باوجود بھی ہائی وے کے غلط ٹرن اوور روکنے میں ناکام ہے جس میں لاری اڈا سے سلارہ روڈ اور مندر روڈ سے سرگودھا روڈ اسی طرح احمد یوسف شہید روڈ سے جھنگ روڈ اور الطاف حسین شاہ روڈ سے جھنگ، سبزی و فروٹ منڈی سے جھنگ روڈ مخالف سمت سے موٹر وہیکلز دیدہ دلیری سے آتی ہیں جس سے حادثات میں اضافہ انگنت اضافہ ہو رہا ہے اس موقع پر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ، راجہ ریاض احمد خان، ملک سردار علی ڈاکٹر خالد یاسین شاہد وقار سلارہ بھی موجود تھے

اوکاڑہ رات گئے ضلعی انتظامیہ کا ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن

روڈ کے اطراف میں عارضی اور پختہ تجاوزات کا بھاری مشینری کی مدد سے صفایا کر دیا گیا



اوکاڑہ رات گئے ضلعی انتظامیہ کا ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن۔

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ رات گئے ضلعی انتظامیہ کا ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن۔ اکبر روڈ اوکاڑہ پر جاری آپریشن کی نگرانی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر نے کی۔روڈ کے اطراف میں عارضی اور پختہ تجاوزات کا بھاری مشینری کی مدد سے صفایا کر دیا گیا۔عوامی سہولت کے پیش نظر اکبر روڈ کو 120 فٹ تک روڈ کشادہ کر دیا گیا۔اکبر روڈ پر تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن پر عوام کا اظہار تشکر۔تجاوزات شہر کی خوبصورتی پر بد نما داغ ہے۔تجاوزات کے مکمل خاتمے تک کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

سیالکوٹ ویمن چیمبر خواتین کی معاشی خودمختاری کیلئے پر عزم ہے۔وقاص اکرم اعوان

ویمن چیمبر آف کامرس تربیتی سیمینارز منعقد کرا رہا ہے۔سابق سینیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) معروف بزنس مین و سابق نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقاص اکرم اعوان جنرل باڈی ممبر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا ہے کہ سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خواتین کیلئے انکے بزنس کی بہتری کیلئے بزنس پروموشنز سیمینارز اور تربیتی پروگرامز منعقد کرا رہا ہے جس سے نیا بزنس شروع کرنے والی بزنس وینمز کی استداد کار میں اضافہ ہو رہا ہے۔عورتوں کی مالی اور سماجی خودمختاری کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ سماجی وثقافتی رکاوٹیں، خواتین کو مالی خود مختاری حاصل کرنے میں مشکلات کو دور کرنے اور ان کے کاروبار کی ترقی کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ معاشرتی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔آج کے دور میں خواتین کی مالی خودمختاری کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ یہ ان کی زندگی کے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے اور انہیں معاشی بحرانوں سے نمٹنے کی طاقت دیتی ہے۔

سٹی پریس کلب نارنگ کے نومنتخب عہدداروں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، امن کمیٹی

سٹی پریس کلب نارنگ بہترین کام کر رہا ہے، سخاوت ڈگرا، شہباز احمد



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سٹی پریس کلب نارنگ کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں امید ہے نومنتخب کابینہ گزشتہ سالوں کی طرح 2025 میں بھی مثبت صحافت کے فروغ علاقائی مسائل کی نشاندہی اور اہل علاقہ کی فلاح وبہبود کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی ان خیالات کا اظہار امن کمیٹی کے سرپرست اعلی چوہدری سخاوت علی ڈگرا اور سابق صدر شہباز احمد کرحانی والے نے سٹی پریس کلب نارنگ کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ سٹی پریس کلب نارنگ بہترین کام کر رہا ہے فلاح وبہبود کیلئے کام کرنا بہترین صدقہ ہے صحافت ریاست کا اہم ستون ہے صحافی قلم کے ذریعے مظلوم کی آواز حکومتی ایوانوں تک پہنچاتے ہیں جو موجودہ وقت میں مشکل ترین کام ہے سٹی پریس کلب کی بہترین کارکردگی پر ممبران کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

چوروں نے کریانہ سٹور کی دوکان کی دیوار توڑ کر سٹور کا سامان چوری کر لیا

سٹور کا مالک محمد منیر کروڑ نے کہا ہے کہ میں صبح جب اپنی دوکان کا شٹر کھولا تو دوکان خالی تھی



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا نواحی گاؤں 56/اے ڈی میں آج رات پھر چوری کی واردات چوروں نے محمد منیر کرڑ کریانہ سٹور کی دوکان کی دیوار توڑ کر سٹور کا سامان چوری کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیل کے مطابق سٹور کا مالک محمد منیر کروڑ نے کہا ہے کہ میں صبح جب اپنی دوکان کا شٹر کھولا تو دوکان کی دیوار ٹوٹی ہوئی تھی اور ہمارا سامان چوری ہو چکا تھا ہم نے امر جنسی 15 پر کال کی مقامی پولیس تھانہ صدر دیپالپور چوکی پکی پہاڑ موقع پر پہنچ کر کاروائی شروع کر دی محمد منیر کرڑ گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری 02 ہفتہ پہلے بھی چوری کی واردات ہوئی ہے اور آج رات پھر ہماری کریانہ سٹور کی دیوار توڑ کر چوری کی واردات ہوئی ہے ہم جائیں تو کہاں جائیں میرا تقریبا پہلے 50000 ہزار روپے کا نقصان ہوا تھا اور آج ہمارا 70000 ہزار روپے کا نقصان ہوا ہے ہم غریب ادمی ہیں ہم نے اپنی بھینسیں بھی بیچ کر کریانہ سٹور بنایا تھا چوروں نے ہمیں دو بار لوٹ لیا مجھے چوروں کا پتہ نہیں چل سکا اج جو ہماری چوری ہوئی ہے وہ لوگ ہمارے گاؤں کے ہیں ہماری اعلی حکام سے اپیل ہے چوروں کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے اور ہماری ریکوری واپس کرائی جائے

جعلی کھویا بنانے والے قانون کی گرفت میں آگئے

خوراک میں جعل سازی اور دھوکہ کرنے والوں سے نرمی کی کوئی گنجائش نہیں، فوڈ اتھارٹی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) جعلی کھویا بنانے والے قانون کی گرفت میں آگئے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے حجرہ شاہ مقیم میں 2 جعلی کھویا یونٹس پر چھاپے۔کھویا یونٹ مالکان کیخلاف تھانہ حجرہ شاہ مقیم میں مقدمات درج۔کھویا یونٹس کی پروڈکشن بند کر دی گئی۔کھوئے کا سیمپل فیل ہونے پر فوڈ بزنس مالکان کیخلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ٹیسٹ کے دوران کھوئے میں ممنوعہ اجزاء کی ملاوٹ پائی گئی۔کھوئے میں ملاوٹ ثابت ہونے پر پروڈکشن یونٹس کو اصلاح تک بند کر دیا گیا۔جعل سازی کرنے پر دونوں کھویا یونٹ مالکان کیخلاف تھانہ حجرہ شاہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ترقی وخوشحالی کا ضامن ''اڑان پاکستان'' منصوبہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک کی پائیدار ترقی کے حامل پانچ سالہ قومی اقتصادی منصوبہ اڑان پاکستان کا افتتاح کر دیا جس کا مقصد اور محور برآمدات، ای پاکستان، ماحولیات، توانائی، برابری و بااختیار بنانے) فائیو ایز (کی پائیدار بنیاد پر برآمدات کے فروغ کے ذریعے اقتصادی ترقی کا حصول ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اڑان پاکستان اقتصادی نمو اور اقوام عالم میں کھوئے ہوئے مقام کے حصول کے لیے ایک بڑے سفر اور نئی صبح کا آغاز ہے۔ کامیابی کیلئے قومی یکجہتی اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کو آگے لے جانے کیلئے اشرافیہ کو کچھ قربانی دینا ہوگی۔ وفاق، صوبوں اور تمام شراکت داروں کے تعاون سے اڑان پاکستان پروگرام پر عمل درآمد کریں گے۔ ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے اور قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ پاکستان میں کئی طویل المدتی اقتصادی منصوبے شروع کیے گئے، ان میں سے کچھ بدانتظامی، سیاسی عدم استحکام، مالی وسائل کی کمی، اور پالیسیوں کے تسلسل کے فقدان جیسے عوامل کے باعث مکمل کامیابی حاصل نہ کی جا سکی۔ مقامی طور پر تیار کردہ 2029-2024 اڑان پاکستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا بہترین پروگرام ثابت ہوسکتا ہے۔ اڑان پاکستان منصوبے میں جی ڈی پی کی شرح کو 6 فیصد، فی کس آمدنی کو 2405 ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 2029 تک ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 13.5 فیصد تک لے جانے، سرکاری قرضوں کو جی ڈی پی کے 60 فیصد تک رکھنے اور تعلیم پر جی ڈی پی کا 4 فیصد خرچ کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 2029 تک الیکٹرک گاڑیوں کو 25 فیصد تک بڑھایا جائے گا۔ غربت کی شرح 21.4 فیصد سے کم کر کے 12 فیصد تک لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 2029 تک پرائمری سکولز میں داخلے کی شرح 64 فیصد سے بڑھا کر 72 فیصد کرنے اور ٹوائلٹ کی سہولت کو 68 فیصد سے بڑھا کر 80 فیصد کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی منصوبے اس پروگرام کا حصہ ہیں۔ پاکستان میں وسائل کی کمی ہے نہ ہی مہارت کا فقدان۔ پھر بھی ہم معاشی بدحالی کا شکار چلے آرہے ہیں۔ اس کی وجہ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی تقریر میں بھی بتائی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پچھلی ایک دہائی میں ہمارے ریاستی مملکتی اداروں نے چھ کھرب روپے کے نقصانات کئے ہیں۔ 77 برسوں میں کھربوں کی کرپشن ہوئی، ہمارے محصولات کا ایک حصہ بھی ہمیں نہ مل سکے تو قرضے نہ لیں تو کیا کریں؟۔ یہ وہ وجوہات ہیں جس کے باعث آج پاکستان قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ ہمارے ہاں دفاع ٹیکنالوجی کھیلوں اور معیشت سمیت کئی معاملات میں بھارت کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے۔ آج پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 12 ارب ڈالر کے قریب ہیں جبکہ بھارت کے ساڑھے چھ سو ارب سے زائد کے ہیں۔ شہباز شریف کہتے ہیں کہ نواز شریف کے پہلے دور میں بھی اصلاحات ہوئیں۔ بھارت میں منموہن سنگھ نے انہی اصلاحات کی پیروی کی اور ان پر عمل کیا۔ اس کے نتائج دنیا کے سامنے ہیں کہ بھارت نے کس طرح سے ترقی کی۔ اگر بھارت پاکستان کی متعارف کردہ اصلاحات سے استفادہ کر کے ترقی کر سکتا ہے تو پاکستان کیوں نہیں؟ کہا جاسکتا ہے کہ نواز شریف کو اپنی اصلاحات پر عمل کرنے کا پورا وقت دیا جاتا تو پاکستان ترقی اور خوشحالی کی منزل حاصل کر چکا ہوتا۔ پاکستان میں وسائل کی کمی نہیں ہے مگر اسی پر ہی اکتفا کر کے نہیں بیٹھ جانا چاہیے۔ وسائل میں بہرصورت اضافے کی ضرورت ہے اس حوالے سے ہمارے پاس آئی ٹی سمیت بہت سے میدان کھلے پڑے ہیں۔ پاکستان کی آئی ٹی کی برآمدات چار ارب ڈالر سے کم جبکہ بھارت کی 300 ارب ڈالر سے زیادہ ہیں۔ اس میدان میں بھی ہم بھارت سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔ معیشت کی مضبوطی کے لیے سرمایہ کاری اہم جزو ہے۔ اس کے لیے ملک میں سیاسی استحکام کا ہونا ناگزیر ہے۔ اتنی ہی ضرورت امن وامان میں بہتری لانے کی ہے۔ توانائی وافر مقدار میں اور سستی بھی ہو۔ اندرونی اور بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے ایسا ماحول ہی سازگار ہوتا ہے۔ امن و امان کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے۔ سیاسی استحکام کی بھی واثق امید ہے۔ آج حکومت اور اپوزیشن کے مابین مذاکرات کا دوسرا دور ہو رہا ہے۔ فریقین مثبت ذہن کے ساتھ مذاکرات کی میز پر آتے دکھائی دیتے ہیں۔ اوورسیز پاکستانیوں کی ترسیلات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہ قومی آمدنی کا ایک بڑا اور مستقل حصہ ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کی ہر معاملے میں حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ ان کو ووٹ کا حق نہ دے کر دوسرے درجے کا شہری باور کروایا جا رہا ہے۔ برین ڈرین کی باتیں ہوتی ہیں۔ اپنے شعبوں میں مہارت رکھنے والوں کے لیے پاکستان ہی میں حالات اور ماحول موزوں ہو تو وہ ملک چھوڑ کر نہ جائیں۔ ملازمتوں کے لیے بیرون ملک جانے کی کوئی باقاعدہ پالیسی نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں سے زیادہ تر لوگ غیر قانونی ذرائع سے ملک سے باہر جاتے ہیں کوئی ڈیکتی میں کوئی منشیات میں کوئی لڑائی جھگڑے میں کوئی بھیک مانگنے جیسے جرائم میں پکڑے جانے پر پاکستان کی بدنامی کا باعث بنتے ہیں۔ بہتر ہے بے روزگار نوجوانوں کو کوئی ہنر سکھا کر تربیت دے کر پاکستان سے باہر بھجوایا جائے۔ وسائل کا بے دردی سے استعمال بھی روکنے کی ضرورت ہے۔ مہنگائی ہر شہری پر اثر انداز ہوئی ہے ان کے زخموں پر اس وقت نمک چھڑکا گیا جب پارلیمنٹیرینز اور وزرا کی تنخواہوں اور مراعات میں کئی سو فیصد اضافہ کر دیا گیا۔ حکومت کی طرف سے جاری کیا گیا اڑان پروگرام بہترین پانچ سالہ منصوبہ ہے۔ اس پر من وعن عمل ہو جاتا ہے تو پاکستان یقینی طور پر ترقی اور خوشحالی کی منزل پر پہنچ جائے گا۔

جمہوریت کی کوئی بہتر صورت نصیب ہونے کا امکان

نیا سال مبارک ہو۔ سب کا بھلا سب کی خیر مانگتے ہوئے بھی لیکن مجھے اس سال حالات بہتر ہونے کی زیادہ امید نہیں ہے۔ عالمی معیشت کے نگہبان ادارے کے ساتھ ہم ایک پروگرام میں بندھ چکے ہیں۔ مقصد اس پروگرام کا ملکی معیشت کو دیوالیہ ہونے سے بچا لینے کے بعد استحکام و خوشحالی کی راہ پر ڈالنا ہے۔ مذکورہ اہداف کے حصول کے لئے حکومت پاکستان کو جگوں کی طرح تقریباً ہر پاکستانی سے ٹیکس وصول کرنا ہوگا۔ نان فائلر نام کا شخص ملک میں رہنے نہیں دیا جائے گا۔

علم معاشیات کی مبادیات سے بھی نابلد ہونے کی وجہ سے میں ہرگز اس قابل نہیں کہ آپ کو بتا سکوں کہ ٹیکس نیٹ کو وسیع بنانے کے لئے جو اقدامات لئے جائیں گے وہ ہمارے بازار کس طرح ہضم کریں گے۔ ہمارے بازار جسے عہد جدید میں مارکیٹ کہتے ہیں ریاست کو اپنا تصور کرنے کے کبھی عادی نہیں رہے۔ اپنی دولت سرکار سے ہمیشہ چھپاتے رہے ہیں۔ تاریخی اعتبار سے ہنڈی نامی غیر رسمی بینکنگ کا آغاز بھی سنا ہے ہمارے ہی خطے سے ہوا تھا۔ بے تحاشہ محققین کا یہ دعویٰ ہے کہ موہن جوداڑو کی تہذیب سے چند مہر نما تحریریں درحقیقت اس دور کے چیک تھے۔ ان میں سے چند مہریں عراق کے کئی شہروں میں بھی دریافت ہوئی تھیں جو ان کے تجارتی استعمال کی تصدیق کرتی ہیں۔

موہن جوداڑو تو ہزاروں سال پرانی ثقافت تھی۔ 1840 کی دہائی مگر کئی حوالوں سے حالیہ تاریخ کہی جاسکتی ہے۔ اس دہائی کے دوران برصغیر ہندوپاک پر اپنے قبضے کو مضبوط و مزید پھیلاتے ہوئے بھی برطانوی سامراج نے شاہ شجاع کو کابل کے تخت پر بٹھانے کی کاوش شروع کردی۔ پنجاب کے رنجیت سنگھ نے برطانوی افواج کو اپنے زیر نگین علاقوں سے گزرنے نہیں دیا۔ وہ سندھ اور بلوچستان کے ذریعے افغانستان کا رخ کرنے کو مجبور ہوئیں۔ شاہ شجاع کی کابل کے تخت پر بحالی اس زمانے کا بہت بڑا سامراجی پراجیکٹ تھی۔ اس کی تکمیل کیلئے بے تحاشہ سرمایہ بھی درکار تھا۔ اس کے حصول کے لئے ہمارے سندھ کے شکار پور شہر میں آباد ہندو ساہوکاروں سے رجوع کرنا پڑا۔ اس سے قبل بنگال پر قابض ہونے کے لئے برطانوی سامراج نے نواب سراج الدولہ کو شکست دینے کے لئے جو فوج تیار کی تھی اس کی بھرتی اور تنخواہوں کی ادائیگی کے لئے بھی بھارتی گجرات کے ساہوکاروں سے رقوم ادھار لینا پڑی تھیں۔ انگریز مگر ہمارے دولت مند افراد کو ٹیکس نیٹ میں لانے میں کامیاب نہ ہو پایا۔ زرعی زمینوں ہی سے مالیہ کا حصول اس کی ترجیح رہی۔ اسی باعث ڈپٹی کمشنر کو کلکٹر صاحب بھی کہا جاتا تھا۔

مالیہ وصول کرنے کی خاطر ہی برطانوی سامراج نے ہمارے خطے کے جنگلوں کو صاف کرنے کے بعد ایک وسیع تر نہری نظام کے ذریعے وہاں نقد آور اجناس اگانے کے لئے زرعی رقبے تیار کئے۔ لائل پور اور منٹگمری وغیرہ میں یہ رقبے اپنے وفاداروں میں بانٹے اور پنجاب کو پورے برصغیر کا اناج گھر بنا دیا۔ پہلی اور دوسری عالمی جنگ لڑنے کے لئے سپاہی بھی وہ ہمارے بارانی علاقوں سے جمع کرتا رہا۔ قصہ مختصر اپنے طویل دور اقتدار میں سامراج نے مارکیٹ نامی شے متعارف کروانے سے گریز کیا۔ وہ متعارف ہو جاتی تو شاید ہمارے ہاں کے شہری متوسط طبقے کو ٹیکس دینے کا عادی بنایا جاسکتا۔ بہرحال پاکستان کو اب جدید ریاست بنانے کا فیصلہ ہو گیا ہے جہاں کے باسیوں کو ٹیکس تو ہر صورت ادا کرنا ہوں گے مگر اسکے عوض انہیں وہ حق فراہم کرنے کا وعدہ نہیں ہو رہا جو ٹیکس گزار کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ اپنی جانب سے دی رقم کے خرچ کا حکمرانوں سے حساب لے سکے۔

وہ جسے جمہوری نظام کہا جاتا ہے اس کی بنیاد ہی یہ نعرہ تھا کہ جب تک عوام کے منتخب کردہ نمائندوں کو مطلق العنان بادشاہ ریاستی اخراجات کا حساب لینے کا حق نہیں دیں گے، ان کی رعایا ٹیکس ادا نہیں کرے گی۔ بادشاہ مذکورہ نعرے کے ہاتھوں بے بس ہوئے تو ہاؤس آف کامنز (House of Commons) جیسے ادارے بنے جنہیں ہمارے ہاں قومی اسمبلی اور بھارت میں لوک سبھا کہا جاتا ہے۔ منتخب حکومتوں کا بجٹ ان اداروں میں پیش ہوتا ہے۔ ان کی منظوری کے بغیر اسے لاگو کیا نہیں جاسکتا۔ حکومت ہم سے ٹیکس وصول کرنے کے بعد اسے جس انداز میں خرچ کرتی ہے اس کا آڈٹ یعنی حساب کتاب ہوتا ہے۔ جو حساب کتاب ہوتا ہے اسے آڈیٹر جنرل قومی اسمبلی کے روبرو رکھتا ہے۔ آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لینے کے لئے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے۔

گزشتہ چند برسوں سے ہمارے ہاں کا متوسط طبقہ اچانک جمہوریت کا دیوانہ ہوا محسوس ہو رہا ہے۔ روایتی میڈیا کے لئے تقریباً روزانہ کی بنیاد پر کالم لکھنے والے مجھ جیسے قلم گھسیٹ افراد کو یہ طبقہ یکاؤ اور لفافہ قرار دیتا ہے۔ ان کے طعنے سر آنکھوں پر۔ حقیقی جمہوریت کو بے تاب اس طبقے کو مگر خبر ہی نہیں کہ فروری 2024 کے انتخابات کے بعد آئی قومی اسمبلی ابھی تک پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا قیام بھی عمل میں نہیں لا پائی ہے۔ مذکورہ کمیٹی کے بغیر موجودہ نظام کو ہائی برڈ پکارنے کا جواز مل جاتا ہے جو ایسی طرز حکومت کی نشاندہی کرتا ہے جو تیتر ہے نہ بٹیر۔ جمہوریت شاعروں کے محبوب کی کمر کی طرح ہے کہ نہیں ہے۔ ایسے دو نمبر نظام کے تحت جب وزیر خزانہ اوران کے راجہ ٹوڈی مل سینہ پھلا کر ٹیکس نیٹ بڑھانے کی بات کرتے ہیں تو میرا پنجابی والا ہاسا چھوٹ جاتا ہے۔



فروری 2024 کے بعد قائم ہوئی حکومت کو مگر ہائی برڈ نظام کے استقلال کا واحد ذمہ دار ٹھہرایا نہیں جاسکتا۔ گزرے برس کے اس مہینے میں جو انتخاب ہوئے تھے وہ بے تحاشہ حوالوں سے ہرگز صاف وشفاف نہیں تھے۔ اس کے باوجود تحریک انصاف ہزاروں مشکلات کے باوجود ان کی بدولت واحد اکثریتی جماعت کی صورت ابھری۔ اس کا فرض تھا کہ واحد اکثریتی جماعت کی حیثیت میں حکومت سازی پر اپنے حق کو ذہن میں رکھتے ہوئے دیگر جماعتوں سے رابطے استوار کرتی۔ پاکستان پیپلز پارٹی سے اسے ایسی ہی حمایت مل سکتی تھی جیسی ان دنوں شہباز شریف کی حکومت کو میسر ہے۔ مرغے کی ایک ٹانگ پر اصرار کرتے ہوئے مگر تحریک انصاف نے اپنے حق کو بیگانہ انداز میں نظر انداز کر دیا۔ اس کے بعد اپوزیشن کی سب سے بڑی جماعت ہونے کے باوجود وہ موجودہ قومی اسمبلی ہی میں حکومت کو دیوار کے ساتھ لگانے کو مجبور نہیں کر پائی ہے۔ اس کے اراکین قومی اسمبلی کے اجلاس میں دھواں دھار تقاریر کے بعد گھر چلے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسلام آباد پر چڑھائی کے واقعات بھی ہوئے ہیں۔ جمہوریت مگر بحال نہیں ہوئی اور تحریک انصاف کے بانی بھی جیل سے رہا نہیں ہو پائے۔ امید ہی کی جاسکتی ہے کہ نئے سال کا آغاز ہوتے ہی تحریک انصاف حکومت کے ساتھ جن مذاکرات میں شامل ہونے کا ارادہ رکھتی ہے اس کے انجام پر ہمیں جمہوریت کی کوئی بہتر اور قابل برداشت صورت نصیب ہو۔

ڈیرہ غازی خان پولیس مسلسل خوارجیوں سے نبرد آزما



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت کے مطابق ڈیرہ غازی خان میں تھانہ وہوا کی سرحدی چوکی لکھانی پر خوارجی دہشت گردوں کا بار بار حملہ ناکام بنانے میں آر پی او ڈی جی خان کیپٹن) ر (سجاد حسن اور ڈی پی او ڈی جی خان سید علی کے زیر نگرانی ایلیٹ فورس کیوار ایف کی بیک اپ ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر پہنچی 10 دسمبر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی تو نسہ شریف ڈی جی خان آمد ہوئی ای جی پنجاب کا خیبر پختون خان بارڈر پر جنگی چیک پوسٹ و دیگر سرحدی چوکیوں کا دورہ بھی کیا اس موقع پر تعینات پولیس اہلکار سے ملاقات کی دہشت گردوں کے حملے ناکام بنانے پر ڈیرہ غازی خان کی پولیس کے نوجوانوں کو شاباش دی اس موقع پر ایڈیشنل ائی جی ساتھ تھے ائی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سیکیورٹی اقدامات کی اپگریڈیشن کے حوالے سے عمارت باونڈری وال اور مورچوں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے جاری تعمیراتی کاموں کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کرنے کے فوری احکامات جاری کیے اس موقع پر ائی جی پنجاب نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر سرحدی چوکیوں کی عمارتوں کو مزید محفوظ اور مضبوط ترین بنایا جائے مشکل ترین حالات میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پنجاب پولیس ہم وقت الرٹ رہے ڈیرہ غازی خان کی پولیس کو اس وقت درپیش چیلنجز کا سامنا ہے جو کہ ارپی او ڈی جی خان اور ڈی پی او ڈی جی خان کی سید علی کی بہترین قیادت میں ان چیلنج سے نمٹنے کے لیے ان کی ٹیم الرٹ ہے ڈی ایس پی صدر سرکل سید حماد نبی نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت آمی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سمگلنگ جرائم کے خاتمے کے لیے سخت انتظامات اٹھا رہے ہیں حکومتی خزانہ اور ملکی معیشت کو پر نقصان پہنچانے والے عناصر کے ارادے ناکام بنانے کے لیے چیکنگ مزید سخت کر دی گئی ہے اسی طرح گزشتہ دنوں ڈی پی او ڈی جی خان سید علی نے تھانہ کالا کی حدود میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا بعد نماز جمعہ ڈی پی او سید علی عوام میں گھل مل گئے اور عوام کے مسائل سنے اور ان کو فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے ضلع بھر میں پولیس آفیسران کو اس بات کا پابند کیا گیا ہے کہ بعد نماز جمعہ ضلع بھر کے تمام ایس ایچ او ڈی ایس پی متعلقہ مساجد اور عوامی اجتماعات میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں اور عوام کے مسائل فوری حل کریں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت کے مطابق ڈیرہ غازی خان میں تھانہ وہوا کی سرحدی چوکی لکھانی پر خوارجی دہشت گردوں کا بار بار حملہ ناکام بنانے میں آر پی او ڈی جی خان کیپٹن) ر (سجاد حسن اور ڈی پی او ڈی جی خان سید علی کی بھترین حکمت عملی رنگ لے آئی انکی ٹیم نے ضلع بھر میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور اور کامیاب جوابی کاروائیاں کی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنایا کئی دہشت گردوں کو جہنم واصل بھی کیا 27 نومبر کو 30 دہشت گرد چیک پوسٹ پر حملہ اور ہوئے چاروں طرف سے لیکن پولیس کے جانبازوں نے بروقت جوابی کاروائی تھرمل امیج کیمروں کی مدد سے راکٹ ہینڈ گرنیڈ اور دیگر بھاری اسلحے کا استعمال کیا بالاخر خوارج دہشت گرد فرار ہونے پر مجبور ہو گئے اس موثر اور جوابی کاروائی کے نتیجے میں متعدد دہشت گرد ہلاک بھی ہوئے اپریشن کی کمانڈ ارپی او ڈی جی خان کیپٹن) ر (سجاد حسن نے کی جو کہ ڈی پی او ڈی جی خان سید علی کے زیر نگرانی ایلیٹ فورس کیوار ایف کی بیک اپ ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر پہنچی 10 دسمبر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی تو نسہ شریف ڈی جی خان آمد ہوئی ای جی پنجاب کا خیبر پختون خان بارڈر پر جنگی چیک پوسٹ و دیگر سرحدی چوکیوں کا دورہ بھی کیا اس موقع پر تعینات پولیس اہلکار سے ملاقات کی دہشت گردوں کے حملے ناکام بنانے پر ڈیرہ غازی خان کی پولیس کے نوجوانوں کو شاباش دی اس موقع پر ایڈیشنل ائی جی ساتھ تھے ائی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سیکیورٹی اقدامات کی اپگریڈیشن کے حوالے سے عمارت باونڈری وال اور مورچوں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے جاری تعمیراتی کاموں کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کرنے کے فوری احکامات جاری کیے اس موقع پر ائی جی پنجاب نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر سرحدی چوکیوں کی عمارتوں کو مزید محفوظ اور مضبوط ترین بنایا جائے مشکل ترین حالات میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پنجاب پولیس ہم وقت الرٹ رہے ڈیرہ غازی خان کی پولیس کو اس وقت درپیش چیلنجز کا سامنا ہے جو کہ ارپی او ڈی جی خان اور ڈی پی او ڈی جی خان کی سید علی کی بہترین قیادت میں ان چیلنج سے نمٹنے کے لیے ان کی ٹیم الرٹ ہے ڈی ایس پی صدر سرکل سید حماد نبی نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت آمی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سمگلنگ جرائم کے خاتمے کے لیے سخت انتظامات اٹھا رہے ہیں حکومتی خزانہ اور ملکی معیشت کو پر نقصان پہنچانے والے عناصر کے ارادے ناکام بنانے کے لیے چیکنگ مزید سخت کر دی گئی ہے اسی طرح گزشتہ دنوں ڈی پی او ڈی جی خان سید علی نے تھانہ کالا کی حدود میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا بعد نماز جمعہ ڈی پی او سید علی عوام میں گھل مل گئے اور عوام کے مسائل سنے اور ان کو فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے ضلع بھر میں پولیس آفیسران کو اس بات کا پابند کیا گیا ہے کہ بعد نماز جمعہ ضلع بھر کے تمام ایس ایچ او ڈی ایس پی متعلقہ مساجد اور عوامی اجتماعات میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں اور عوام کے مسائل فوری حل کریں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت کے مطابق ڈیرہ غازی خان میں تھانہ وہوا کی سرحدی چوکی لکھانی پر خوارجی دہشت گردوں کا بار بار حملہ ناکام بنانے میں آر پی او ڈی جی خان کیپٹن) ر (سجاد حسن اور ڈی پی او ڈی جی خان سید علی کی بھترین حکمت عملی رنگ لے آئی انکی ٹیم نے ضلع بھر میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور اور کامیاب جوابی کاروائیاں کی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنایا کئی دہشت گردوں کو جہنم واصل بھی کیا 27 نومبر کو 30 دہشت گرد چیک پوسٹ پر حملہ اور ہوئے چاروں طرف سے لیکن پولیس کے جانبازوں نے بروقت جوابی کاروائی تھرمل امیج کیمروں کی مدد سے راکٹ ہینڈ گرنیڈ اور دیگر بھاری اسلحے کا استعمال کیا بالاخر خوارج دہشت گرد فرار ہونے پر مجبور ہو گئے اس موثر اور جوابی کاروائی کے نتیجے میں متعدد دہشت گرد ہلاک بھی ہوئے اپریشن کی کمانڈ ارپی او ڈی جی خان کیپٹن) ر (سجاد حسن نے کی جو کہ ڈی پی او ڈی جی خان سید علی کے زیر نگرانی ایلیٹ فورس کیوار ایف کی بیک اپ ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر پہنچی 10 دسمبر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی تو نسہ شریف ڈی جی خان آمد ہوئی ای جی پنجاب کا خیبر پختون خان بارڈر پر جنگی چیک پوسٹ و دیگر سرحدی چوکیوں کا دورہ بھی کیا۔

کم بخت مردود

کتاب کی غلطی سے لغت کی کی کتابوں میں غلط سلط محاورے چھپ گئے۔ جیسے سانچ کو آنچ نہیں اور جھوٹ کے پر نہیں ہوتے۔ حالانکہ آنچ تو بنی ہی سانچ کیلئے ہے۔ تاریخ اٹھا کر دیکھ لو اور پھر یہ کے سچ کے پاؤں کہاں، پاؤں تو جھوٹ کے ہوتے ہیں اور دو دو چار چار نہیں، کنکھجورے کی طرح ہزار ہزار۔ کبھی جنگل جھاڑی میں جا کر دیکھو، ہزار پا یعنی کہ کنکھجورا ایک سے دوسری جھاڑی میں کس سپیڈ کی لائٹ سے جاتا ہے۔ اتنی تیزی سے دوڑتے دوڑتے اس کے جھوٹ کے پر بھی نکل آتے ہیں اور وہ اڑنے لگتا ہے، اڑتے اڑتے تھک کر جب گرتا ہے تو کہیں جا کر لوگوں کو پتہ چلتا ہے کہ ارے یہ سچ نہیں تھا، یہ تو جھوٹ تھا جو اڑ رہا ہے۔ تب تک جھوٹ کا زہر اپنا کام کر چکا ہوتا ہے اور یوں پھر ایک محاورہ بنا جو کتابت کی غلطی سے محفوظ رہا کہ آخر کار جھوٹ ہار جاتا ہے۔

ماضی میں، کوئی صدی بھر پہلے دنیا کی سب سے بڑی جھوٹ مشینری جرمنی کے ہٹلر نے بنائی۔ گوبلز اس فیکٹری کا سی او او تھا۔ تاریخ کا کچھ خاص مطالعہ میرا نہیں ہے اس لئے نہیں پتہ کہ ہٹلر کے پاس کوئی ثاقب نثار تھا یا نہیں اور تھا تو اس نے ہٹلر کو صادق اور امین کا خطاب دیا یا نہیں۔

لیکن یہ صدی سوا صدی پہلے کی بات ہے۔ اب جو مرشد نے جھوٹ کی فیکٹری بنائی وہ اتنی بڑی ہے کہ ہٹلر کی روح دیکھے تو احساس کمتری میں مبتلا ہو جائے۔

مرشد کی جھوٹ فیکٹری کے سامنے ہٹلر کی جھوٹ فیکٹری ایسی ہی ہے۔ جیسے سٹیل ملز کے سامنے لوہار کی دوکان۔

لیکن بات وہی ہے کہ جھوٹ کی پرواز کی تھکن کی وجہ سے بس ہو جاتی ہے اور جھوٹ کی پری گر کر لاش میں بدل جاتی ہے، لوگ دیکھتے ہیں، ابکائی لیتے ہیں اور چل دیتے ہیں۔

مرشد نے لاتعداد پروازیں کی ہیں، پہلی مشہور پرواز کا نام فلائٹ 35 پنکچرز تھا۔ خوب اڑی، حکومت وقت کے دانت تو پڑتا جا رہا ہے، مشینری کے پرزے بھی گھس گئے، چنانچہ امیدوں کے غبارے چھوڑے جا رہے ہیں۔ سب سے بڑے غبارے کے اوپر لکھا ہے، ٹرمپ کو حلف اٹھانے دو، پھر پتہ چلے گا۔ یعنی ٹرمپ جدوں آوے گا۔ لگ پتہ جاوے گا۔



راولپنڈی کے کچھ سمعی شاہدین کا بیان ہے کہ انہوں نے اکثر، ڈھلتی رات کے سناٹے میں، مضافات سے کسی کو کچھ گاتے سنا ہے۔ لے، سر، تال تو کچھ بھی نہیں، البتہ آواز میں بلا کا درد، قیامت کا سوز ہے۔ گانے کا مکھڑا کچھ یوں ہے:

میرے ٹرمپو، بلا لو واشنگٹن مجھے

ادھر ایک بانک پی ٹی آئی امریکہ کے صدر عاطف خاں نے لگائی، ادھر یہاں ایک بانگ اسد قیصر نے دی۔ نفس مضمون دونوں کا ایک ہی ہے، یہ کہ

یا ہم کو بلا لو یا آپ چلے آؤ

یعنی مداخلت فرماؤ، مرشد کو رہا کراؤ، کرسی پر بٹھاؤ

عاطف خاں نے ٹویٹر پر لکھا، امریکہ ماضی میں کئی بار پاکستان کے معاملات میں مداخلت کر چکا ہے، اب ایک اچھے کام کیلئے مداخلت کرے تو کیا مضائقہ ہے، اچھے کام کی وضاحت انہوں نے یوں کی کہ دباؤ ڈال کر مرشد کو رہا کرا دے۔

پشاوری صدا کار اسد قیصر کی بانگ ان الفاظ میں تھی کہ ہم غیر ملکی مداخلت کے خلاف ہیں لیکن کوئی انسانی حقوق کیلئے کچھ کرے تو اس میں کیا خرابی ہے۔

کوئی خرابی نہیں، ایبسولوٹلی ناٹ!

المیہ یہ نمودار ہو رہا ہے کہ ٹرمپ کی طرف سے مداخلت ہوتی ہوئی، کم از کم، مستقبل از حد قریب میں، نظر نہیں آتی۔

حقیقی آزادی کے مجاہدین نے جو گزشتہ ہا سہ رڈ دور میں تمام میں سٹریم میڈیا چینلز پر مسلط فرمائے گئے تھے، ڈیڑھ مہینہ پہلے یہ نوید جاں فزا سنائی تھی کہ ایک ہفتے کے اندر اندر ٹرمپو کا ٹویٹ آنے والا ہے اور اس ٹویٹ کے آتے ہی مرشد چھوٹ جائیں گے۔ نشریاتی مجاہدین کی ڈیڈ لائن کو گزرے پانچ ہفتے ہو گئے، کوئی ٹویٹ نہیں آیا۔

ٹرمپ کا ٹویٹ تو خیر کیا آنا تھا، ایک ہفتہ سے اوپر ہو گیا، قائم مقام ابو جان یعنی رچرڈ گرینل صاحب بھی لاپتہ ہیں، چشمی نہ کوئی سندیس، ٹویٹ نہ انٹرویو۔۔۔ اک برہمن نے کہا ہے کہ یہ سال پچھلے سال سے بھی برا ہوگا، کم بخت مردود برہمن۔

نیا سال آ گیا، گزرا سال گزر گیا۔ گزرا سال دہشت گردی کے حوالے سے بدترین تھا۔ دہشت گردی کے ریکارڈ واقعات ہوئے۔ 90 فیصد دہشت گردی کے واقعات 90 فیصد عوامی مقبولیت والے صوبے کے پی کے میں ہوئے۔ گزرا سال اس صوبے کی حکمران جماعت کو مبارک، نیا سال سب کو مبارک۔

زندگی اک سراب ہو جیسے

زندگی کے گزرے لمحات پر نظر دوڑاتا ہوں تو ایسا لگتا ہے جیسے ساری زندگی اک سراب اور خواب تھی جس کی حقیقت آج آنکھ کھلنے پر معلوم ہوئی۔ اس خواب میں سرابوں کے پیچھے دوڑتے ہوئے ہم راستہ بھول بلکہ بھٹک چکے ہیں۔ آئے دن بے حیائی، بے مزہبی اور بے دردی کے ایسے واقعات دیکھنے اور سننے کو ملتے ہیں کہ انسانیت شرما جاتی ہے۔ انسان دراصل معاشی حیوان بن چکے ہیں جن کی زندگی کا مقصد صرف اور صرف معاشی ترقی ہے جس کے لیے وہ اخلاق وخلوص کو بھول چکے ہیں۔ عورتوں اور بچوں کی عزتیں محفوظ نہیں، حلال اور حرام کی تمیز ختم ہو چکی، رشتوں کا تقدس پامالی کی جانب رواں، یہ قتل، یہ ڈکیتیاں، یہ نسل ونسب پرستیاں، فریب اور درجنوں منفی اعمال ہمارے معاشرے میں اس قدر سرایت کر چکے ہیں کہ ہم اپنے اور اپنی نسلوں کے لیے اپنے ہاتھوں خریدی جانے والی دنیاوی بیہسکونی اور آخرت کے عزابوں کا اندازہ ہی نہیں لگا سکتے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ زندگی کے خواب اور سراب ہونے کی حقیقت کو سمجھ کر مثبت طرز فکر اختیار کی جائے تا کہ خود کو آخرت کے عذاب سے بچایا جا سکے اور لوگوں کی زندگیاں بھی عذاب ہونے سے بچائی جا سکیں۔ کسی شاعر نے زندگی کی حقیقت کس خوبصورتی سے بیان کی ہے:

زندگی اک سراب ہو جیسے
ادھ کھلی اک کتاب ہو جیسے
ایک مشکل سوال ہو جس میں
اور غائب جواب ہو جیسے

زندگی کے اس سراب وخواب ہونے کی حقیقت کو سمجھ کر اپنی آخرت سنورنے کا جتن ہی اس کے مشکل سوال کا حل ہے اور یوں ہی اس ادھ کھلی کتاب کے خوبصورت اختتام تک جایا جا سکتا ہے۔ اللہ ہمارے پورے معاشرے کو ہدایت کی نعمت عطا کرے۔۔ زندگی کے گزرے لم





SHOWBIZ



قوت

سجاد علی کی بچپن کی کلاسک گلوکاری نے مداحوں کو حیران کر دیا

پاکستان کی میوزک انڈسٹری کا قابل فخر ستارہ ہے جس نے ہمیشہ محنت اور لگن پر زور دیا ہے



لاہور (یو این پی) سجاد علی نے اپنے بچپن کا ایک خوبصورت آڈیو کلپ شیئر کیا ہے جب وہ بہت مشکل گانا ''یاد پیا کی آئے'' بڑی مہارت سے گا رہے ہیں۔ سجاد علی ایک ایسے پاکستانی سنگر ہیں جنہیں ہر کوئی پسند کرتا ہے۔ ان کا تعلق ایک میوزیکل فیملی سے ہے اور گلوکار کے ٹریک 90 کی دہائی کے اوائل سے ہی لوگوں کے دل جیت رہے ہیں۔ ان کے نام پر کچھ بہترین کلاسک سونگز ہیں جیسے بیبیا، لاری اڈا، راوی اور چل رہن دے۔ وہ پاکستان کی میوزک انڈسٹری کا قابل فخر ستارہ ہے جس نے ہمیشہ محنت اور لگن پر زور دیا ہے۔ سجاد علی حادثاتی گلوکار نہیں ہیں۔ جو اتفاقیہ طور پر اس فیلڈ میں آگئے ہوں بلکہ انہیں بچپن سے ہی انتہائی کم سنی میں موسیقی کی باقاعدہ تعلیم دی گئی تھی۔ وہ کلاسیکل گانے گانے میں کمال کی مہارت رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے بچپن کا ایک خوبصورت آڈیو کلپ شیئر کیا جس میں وہ ایک بہت مشکل پاکستانی گانا ''یاد پیا کی آئے'' گا رہے ہیں۔ کلپ میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ بہت چھوٹے ہیں لیکن جس مہارت اور عمدگی سے گا رہے ہیں وہ یقیناً داد کے مستحق ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین انکی انتہائی کم عمری میں تال اور سر کی سوجھ بوجھ کو سراہ رہے ہیں۔

انڈسٹری میں نئے آنیوالوں کو مواقع دینا ہوں گے، یشما گل

سفارش کا زمانہ گیا، اب ٹیلنٹ اور معیاری کام کو ترجیح دی جاتی ہے، اداکارہ



لاہور (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ یشما گل نے کہا ہے کہ انڈسٹری میں نیا آنے والوں کو مواقع دینا ہوں گے۔ ایک انٹرویو میں یشما گل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب تک میں نے شوبز انڈسٹری میں جتنا بھی کام کیا ہے میں اس بارے اپنی کارکردگی سے مطمئن ہوں، میں مسلسل محنت سے کامیابیاں حاصل کر رہی ہوں، ہر کام میں کامیابی کیلئے محنت اور اپنی منزل کا تعین ضروری ہے، سفارش کا زمانہ گیا، اب ٹیلنٹ اور معیاری کام کو ترجیح دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان میں شوبز انڈسٹری میں جو ٹیلنٹ موجود ہے دنیا میں اسکی مثال نہیں ملتی، پاکستانی شوبز انڈسٹری میں صرف نئے آنیوالوں کو مواقع دینے کی ضرورت ہے۔ اداکارہ نے کہا ہے کہ محنت اور منزل کے تعین کے بغیر کامیابی کا امکان کم ہو جاتا ہے لہٰذا محنت کرنے والوں کو اس چیز کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ یشما گل نے اپنی نجی زندگی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں اپنی موجودہ زندگی سے مطمئن ہوں، اور دل چاہتا ہے کہ وقت رک جائے مگر انسان کی ساری خواہشیں تو پوری نہیں ہوتیں۔

ہالی ووڈ میں 2024 اینی میٹڈ فلموں کے نام، شائقین کی جیبوں سے اربوں ڈالر نکلوا لئے

لاس اینجلس (این این آئی) ہالی ووڈ میں سال 2024ء اینی میٹڈ فلموں کے نام رہا، شائقین کی جیبوں سے اربوں ڈالر نکلوا لئے۔ اینی میٹڈ فلم ''انسائیڈ آؤٹ'' رواں سال کمائی میں سرفہرست رہی، 1 ارب 69 کروڑ 87 لاکھ ڈالر کما لئے، ایکشن فلم ڈیڈ پول 1 ارب 33 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کا بزنس کر کے دوسرے نمبر پر رہی۔ اینی میٹڈ فلم ڈیس پک اسپل می 4 کا جادو بھی سر چڑھ کر بولا، فلم نے 96 کروڑ 91 لاکھ ڈالر سے زائد کمائے، کمائی میں موانا چوتھے اور ڈیون پانچویں نمبر پر رہی۔

آریان خان کی رنگ رلیاں کنگ خان کو بدنام کرنے لگیں

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے کنگ خان کے صاحبزادے آریان خان کے معاشقے ان کے لیے بدنامی کا باعث بننے لگے ہیں۔ سال نو کے جشن میں بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کے صاحبزادے آریان خان کا برازیل سے تعلق رکھنے والی اپنی ''نئی گرل فرینڈ'' کے ساتھ شرکت نے انھیں خبروں کی زینت بنا دیا ہے۔ سپر اسٹار کے بیٹے کا شمار ستاروں کے ایسے بچوں میں ہوتا ہے جو شوبز انڈسٹری میں قدم رکھنے سے پہلے ہی شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ شاہ رخ خان کے بیٹے ہونے کی حیثیت سے آریان میڈیا کی نظروں میں ویسے ہی رہتے ہیں، اس لیے ان کے معاشقے بھی کسی سے ڈھکے چھپے نہیں۔ اِن دنوں آریان خان منشیات کیس میں خبروں میں رہنے کے علاوہ اب اپنی زندگی میں آنے والی محبتوں کے حوالے سے بھی اکثر و بیشتر شہ سرخیوں کا حصہ بن رہے ہیں، کیونکہ ان کا نام کسی نہ کسی لڑکی کے ساتھ جڑا نظر آتا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق آریان خان برازیل سے تعلق رکھنے والی لریسا بونیسی نامی ماڈل و اداکارہ کی محبت میں مبتلا ہو چکے ہیں اور انہیں ڈیٹ کر رہے ہیں۔ ان افواہوں کو تقویت اس وقت ملی جب گزشتہ شب سال نو کے جشن پر آریان اور لریسا ساتھ دکھائی دیے۔ افواہیں ہیں کہ نئے سال کے موقع پر آریان خان اور لارسا بونسی کو شہر میں گھومتے پھرتے ایک ساتھ خوشگوار وقت گزارتے ہوئے اور جشن مناتے ہوئے دیکھا گیا، جس نے ان کے تعلقات کے بارے میں قیاس آرائیوں کو مزید تقویت ملی ہے۔ نئے سال کے جشن کی تقریب میں آریان خان اپنی مبینہ گرل فرینڈ لارسا بونسی کے ساتھ تقریب میں پہنچے تھے۔ دونوں کو پارٹی کے مقام پر داخل ہوتے دیکھا گیا۔ لارسا نے چند دوستوں کے ہمراہ تقریب میں شرکت کی اور میڈیا کے سامنے پوز دینے سے گریز کیا، جبکہ آریان اپنے محافظوں کے ساتھ تھے سوشل میڈیا پر یہ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد ایک بار پھر آریان خان اور ان کی برازیلی گرل فرینڈ کے تعلقات کی افواہیں زور پکڑ گئی ہیں، جبکہ کئی میڈیا صارفین نے آریان خان کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے لکھا کہ یہ کنگ خان کو بدنام کرے گا۔





شردھا کاپور پوزل ریجیکٹ کیا تو اس نے لڑکوں سے پٹوا دیا، ورون دھون کا انکشاف



ممبئی (یو این پی) بالی وڈ اداکار ورون دھون نے انکشاف کیا ہے کہ بچپن میں وہ اداکارہ شردھا کپور کے پروپوزل کو ریجیکٹ کر چکے ہیں۔ بھارتی میڈیا کو فلم 'اسٹری 2' کی پروموشن کے دوران دیے گئے ایک انٹرویو میں شردھا نے انکشاف کیا تھا کہ وہ ماضی میں ورون دھون کو پہاڑوں پر لے جا کر ایک منفرد انداز میں اپنی محبت کا اظہار کر چکی ہیں لیکن ورون نے ان کا پروپوزل ریجیکٹ کر دیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں جب اس انٹرویو کا ذکر ورون دھون سے کیا گیا تو اس کے جواب میں ورون کا کہنا تھا میں سب کو اس کیا گے کی کہانی بتانا چاہتا ہوں۔ جس کے بعد ورون نے بتایا کہ 'یہ اس وقت کی بات ہے جب میں صرف 8 سال کا تھا اور مجھے شردھا کی 10 ویں برتھ ڈے پارٹی پر بلایا گیا تھا اس برتھ ڈے پر شردھا نے فراک پہنی تھی، وہاں 3 لڑکے اور بھی تھے جو شردھا سے اس وقت 'محبت' کرتے تھے۔ ورون دھون کے مطابق 'ان لڑکوں نے مجھ سے آ کر پوچھا کہ میں شردھا کو پسند کیوں نہیں کرتا؟ جس پر میں نے انہیں بتایا کہ میں لڑکیوں میں دلچسپی نہیں رکھتا بلکہ یہاں صرف ڈانس کمپیٹیشن جیتنے کیلئے آیا ہوں، جس کے بعد انھوں نے کہا مجھے شردھا کو پسند کرنا پڑے گا۔

الوار جن کی رہائش گاہ پر مظاہرین کا حملہ، گھر میں توڑ پھوڑ مچا دی

ممبئی (یو این پی) جنوبی بھارت کے تیلگو سنیما کے سپر اسٹار الوار جن کی حیدر آباد (دکن) میں واقع رہائش گاہ پر اتوار کو مظاہرہ کرنے والوں نے حملہ کر کے توڑ پھوڑ کی۔ اس حوالے سے بتایا گیا ہے کہ اتوار کی شام کشیدگی اس وقت عروج پر پہنچ گئی جب مظاہرین نے الوار جن کے گھر پر حملہ کیا اور توڑ پھوڑ کی۔ ایک مقامی ٹیلی ویژن کی جانب سے دکھائی گئی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مظاہرین پلے کارڈز اٹھائے جو بلی ہلز پر واقع الوار جن کے گھر پر پتھراؤ کرتے، ٹماٹر پھینکتے اور پھولوں کے گملے توڑتے نظر آ رہے ہیں۔ مظاہرین الوار جن سے مطالبہ کر رہے تھے کہ وہ مرنے والی خاتون کے خاندان کا خیال رکھیں۔

نیلم منیر نے کاسمیٹک سرجری کرنے والی اداکاراوں کو تنقید کا نشانہ بنا ڈالا

اداکارہ نیلم منیر نے خوبصورتی بڑھانے کے مصنوعی طریقے اور سرجری کروانے پر قدرتی حسن کو ترجیح دیدی



لاہور (یو این پی) پاکستان شوبز کی سحر انگیز خوبصورتی اور بے مثال فنکارانہ صلاحیتوں کی مالک اداکارہ نیلم منیر نے خوبصورتی بڑھانے کے مصنوعی طریقے اور سرجری کروانے پر قدرتی حسن کو ترجیح دے دی۔ نیلم منیر نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے بڑھاپے، اینٹی ایجنگ اور کاسمیٹک پروسیجرز پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس کے بارے میں بات کرتے ہوئے نیلم منیر نے کہا کہ، خوبصورتی اور وقار عمر کے ساتھ آتے ہیں۔ آپ کو عمر بڑھنے، باریک لکیروں اور جھریوں کے بارے میں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ اپنی قدرتی جلد میں خوبصورت نظر آتے ہیں۔ عمر آپ کی شخصیت میں نکھار ڈالتی ہے اور وقار میں اضافہ کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ خود ڈاکٹر ہیں؛ آپ اس کے بارے میں بہتر جانتی ہیں کہ بوٹوکس کروانے والے تمام چہرے ایک جیسے نظر آتے ہیں۔ کیا وہ ایک جیسے نہیں ہیں؟ میرے خیال میں فرد کو اپنی شکل وصورت کے بارے میں پر اعتماد ہونا چاہیے، لیکن اگر کسی کو یہ پروسیجر کروانا ہے، تو یہ اس کی اپنی پسند ہے۔ نیلم منیر کے عمر اور حسن کے بارے میں میچور خیالات کو مداح پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں اور سراہ رہے ہیں۔

نئے سال میں ملکی ترقی کیلئے سائنس کی دنیا میں آگے بڑھنا ہوگا، ساجد حسن



لاہور (یو این پی) معروف اداکار ساجد حسن نے کہا کہ نئے سال میں ملکی ترقی کیلئے سائنس کی دنیا میں آگے بڑھنا ہوگا۔ معروف اداکار ساجد حسن نے اپنے مداحوں کو نئے سال کے پیغام میں کہا کہ بیرون ملک پاکستانی وطن سے بے پناہ محبت کرتے ہیں، اگر نوجوان وطن چھوڑ کر جا رہے ہیں تو ہمیں اپنے ماحول کو بہتر کرنا ہوگا۔ ساجد حسن نے کہا کہ وطن کیلئے پاک فوج نے بے مثال قربانیاں دی ہیں، پاک فوج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ معروف اداکار کا مزید کہنا تھا کہ نئے سال کے موقع پر دعا ہے کہ ہم اپنی سرزمین کی خدمت کر سکیں۔

سلمان خان سے شادی ہونے والی تھی، سنگیتا بجلانی نے راز کھول دیا

تاریخ بھی طے کر لی گئی، لیکن دعوت نامے چھپنے کے بعد عین موقع پر سلمان خان اپنے فیصلے سے مکر گئے، اداکارہ



ممبئی (یو این پی) سابق بھارتی اداکارہ و ماڈل سنگیتا بجلانی نے بالآخر تصدیق کر دی کہ ان کی بالی وڈ کے سپر اسٹار سلمان خان سے شادی ہونے والی تھی۔ انڈین میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سنگیتا بجلانی اور سلمان خان کی ملاقات ایک ٹی وی اشتہار کے سیٹ پر ہوئی تھی اور سابق جوڑے تقریباً ایک دہائی تک ایک دوسرے کو ڈیٹنگ کیا۔ طویل عرصے تک تعلقات میں رہنے کے بعد جوڑے نے شادی کرنے کا فیصلہ کیا اور تاریخ بھی طے کر لی گئی، لیکن دعوت نامے چھپنے کے بعد عین موقع پر سلمان خان اپنے فیصلے سے مکر گئے۔ حال ہی میں سنگیتا بجلانی انڈین آئیڈل میں بطور مہمان خصوصی نظر آئیں جہاں سابق اداکارہ سے پوچھا گیا کہ وہ اپنی زندگی میں کیا تبدیلی لانا چاہیں گی؟ اس پر سنگیتا بجلانی نے کہا کہ 'جو میرے سابق بوائے فرینڈ تھے ان کا نام نہیں لوں گی، میں بہت تنگ ہو گئی تھی کہ آپ چھوٹے کپڑے نہیں پہن سکتیں، زیادہ گردن نظر نہیں آنی چاہیے اور لباس مخصوص لمبائی سے چھوٹا نہیں ہونا چاہیے۔ وہ کہتی ہیں کہ مجھے ایسی چیزیں پہننے کی اجازت نہیں تھی جیسی میں اب پہنتی ہوں، شروع میں میں نے ایسا کیا لیکن آخر کار مجھے اجازت نہیں دی گئی، لیکن اب میں مکمل طور پر آزاد ہوں مجھے کسی سے ڈر نہیں لگتا، اُس وقت میں بہت محتاط رہتی تھی، میں اپنی زندگی کے اس حصے کو تبدیل کرنا چاہتی ہوں اور میں اسے بدلا بھی ہے۔ سنگیتا بجلانی سے سوال کیا گیا کہ ہم نے سنا ہے سلمان خان اور آپ کی شادی کے کارڈ چھپ چکے تھے، کیا اس بات میں سچائی ہے؟ اس پر سابق اداکارہ و ماڈل نے کہا کہ ہاں یہ سچ ہے لیکن مجھ سے اس بارے میں مزید نہ پوچھیں۔



کامیابی کیلئے مشکلات سے لڑنا پڑتا ہے، عائزہ خان

لاہور (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ عائزہ خان نے کہا ہے کہ کامیابی کے حصول کیلئے مشکلات سے لڑنا پڑتا ہے اس لئے کبھی مشکلات سے گھبرائی نہیں۔ ایک انٹرویو میں عائزہ خان نے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ شوبز کی دنیا میں محنت اور لگن سے منزل تک پہنچنا میرا جنون ہے اسی لئے صرف معیاری کام کو ہی ترجیح دیتی ہوں۔ اداکارہ نے مزید کہا ہے کہ کامیابی کے حصول کیلئے مشکلات سے لڑنا پڑتا ہے اس لئے کبھی مشکلات سے گھبرائی نہیں، میں پرامید ہوں کہ شوبز کی دنیا میں اپنا ایسا مقام بناؤں گی کہ لوگ مدتوں یاد رکھیں گے۔

قوت

SPORTS

عاقب جاوید کی موجودگی میں اظہر محمود کی ٹیم مینجمنٹ میں جگہ نہیں بنتی، سکندر بخت

کراچی (این این آئی) سابق فاسٹ بولر سکندر بخت کا کہنا ہے کہ سابق ٹیسٹ آل راؤنڈر اظہر محمود کو بطور اسسٹنٹ کوچ قومی ٹیم کے ساتھ رکھنے کا معیار سمجھ سے باہر ہے۔ پاکستان کے لیے 1976ء سے 1989ء تک 26 ٹیسٹ اور 27 ون ڈے کھیلنے والے دائیں ہاتھ کے تیز بولر سکندر بخت نے نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران سکندر بخت کا کہنا ہے کہ عاقب جاوید کے ہیڈ کوچ ہوتے ہوئے اظہر محمود کی ٹیم مینجمنٹ میں جگہ نہیں بنتی۔ انہوں نے اظہر محمود کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بنگلادیش کے دورہ پاکستان کے دوران اظہر محمود نے پریس کانفرنس میں کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں ہمارے پاس اسپنرز نہیں، پھر ہم نے دیکھا نعمان علی اور ساجد خان نے انگلینڈ کے خلاف ہمیں ٹیسٹ سیریز جتوا دی۔ سکندر بخت نے کہا کہ اب محمد عباس جنہوں نے انگلش کاؤنٹی میں شاندار بولنگ کا مظاہرہ کیا پھر قومی ٹیم میں شاندار کم بیک کیا، ایک بار بھی اظہر محمود نے ان کا نام نہیں لیا حالانکہ وہ خود انگلینڈ میں رہتے ہیں۔ سکندر بخت کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایسے لوگ جن کی کھلاڑیوں کی کارکردگی پر ہی نگاہ نہیں، انہیں قومی ٹیم کے ساتھ نہیں ہونا چاہیے۔

پاکستان کے سابق ہیڈ کوچ ایک اور نوکری سے ہاتھ دھو بیٹھے

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کے سابق ٹیسٹ کھلاڑی اور پاکستان کے سابق ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈ برن کو انگلش کاؤنٹی گلیمورگن نے ہیڈ کوچ کے عہدے سے فارغ کر دیا۔ 58 سالہ گرانٹ بریڈ برن کو نامناسب رویے کی شکایات کے بعد کلب نے ریگولیٹرز کی جانب ریفر کیا تھا۔ کلب کی جاری کردہ پریس ریلیز میں بتایا گیا کہ وہ پُر اعتماد ہیں کہ اس معاملے میں تمام تقاضوں کو منصفانہ اور شفاف طریقے سے پورا کیا گیا ہے۔ کلب نے مزید بتایا کہ گلیمورگن کسی قسم کے امتیازی رویے کو کسی صورت برداشت نہیں کرتا۔ اندرونی تحقیقات مکمل کرنے کے بعد گلیمورگن کا کہنا تھا کہ یہ واضح ہے کہ بریڈ برن کی پوزیشن کمزور ہے اور کلب اب متاثرین کا ازالہ کر رہا ہے۔ کلب کے چیئرمین مارک رائنڈرک-رابرٹس کا کہنا تھا کہ گلیمورگن میں ہم اپنے لوگوں کی فلاح پہلے رکھتے ہیں اور متاثر کو سہارا فراہم کرتے ہیں۔ واضح رہے بریڈ برن نے رواں برس جنوری میں پاکستان کے ہیڈ کوچ کا عہدہ چھوڑنے کے بعد گلیمورگن کے ساتھ تین سال کا معاہدہ کیا تھا۔



لاہور/کراچی: اسٹیڈیمز کی رونقیں بحال ہونے کا وقت قریب آ گیا، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے لیے قذافی اسٹیڈیم لاہور کی اپ گریڈیشن کا 90 فیصد کام مکمل ہو گیا

2024 کا آخری سورج کرکٹ کی تلخ وشیریں یادیں دے کر غروب

لاہور (این این آئی) کرکٹ میں تلخ وشیریں یادیں دے کر 2024 کا آخری سورج بھی غروب ہو گیا۔ گذشتہ سال پاکستان کرکٹ ٹیم کی مختلف فارمیٹس میں کارکردگی انتار چڑھاؤ کا شکار رہی، ٹیسٹ میں انگلینڈ کو ہوم سیریز میں شکست دی مگر مجموعی کارکردگی مایوس کن رہی اور 7 میچز میں 2 ہی فتوحات ہاتھ آئیں، سعود شکیل نے سب سے زیادہ 544 رنز بنائے، ساجد خان نے 22 وکٹیں لیں۔ ون ڈے انٹرنیشنل میں ٹیم چھا گئی اور تینوں سیریز سمیت 7 میچز جیتے، صائم ایوب نے 515 رنز اسکور کیے، شاہین آفریدی نے 15 وکٹیں لیں۔ البتہ ٹی ٹوئنٹی میں مسلسل ناکامیوں نے شائقین کو مایوس کیا، 27 میچز میں سے صرف 9 میں کامیابی ملی جبکہ 16 میں شکست ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق رواں برس پاکستانی ٹیم نے مجموعی طور پر 7 ٹیسٹ میچز کھیلے، ان میں سے 2 میں کامیابی حاصل کی جبکہ 5 میں شکست کا سامنا کرنا پڑا، مجموعی طور پر چار ٹیسٹ سیریز کھیلیں، ان میں سے 2 میں ناکامی ہوئی، ایک میں فتح حاصل کی، جنوبی افریقہ میں جاری سیریز کے پہلے سچورین ٹیسٹ میں 2 وکٹ سے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔

اُمید کرتے ہیں نیا سال پاکستان کے لیے کھیلوں میں کامیابیاں لائے اور عوام کو خوشیاں ملیں

لاہور (این این آئی) نئے سال کی آمد پر دیگر شعبوں کے افراد کی طرح کھلاڑی بھی دعا گو ہیں کہ 2025 پاکستانی عوام کے لیے خوشیوں بھرا ہو۔ پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اصلاح الدین، پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین آفریدی، آل راؤنڈر فہیم اشرف، نوجوان کوہ پیما شہروز کاشف اور فٹ بالر عادل نبی سمیت دیگر نے بیانات جاری کیے۔ قومی کھلاڑیوں کا کہنا ہے کہ ہم اُمید کرتے ہیں نیا سال پاکستان کے لیے کھیلوں میں کامیابیاں لائے اور عوام کو خوشیاں ملیں۔

اگر آپ اچھی کرکٹ کھیلتے ہیں تو کسی پی آر کی ضرورت نہیں رہتی، ایم ایس دھونی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مہندر اسنگھ دھونی کا کہنا ہے کہ اگر آپ اچھی کرکٹ کھیلتے ہیں تو پھر کسی پی آر (پبلک ریلیشنز) کی ضرورت نہیں رہتی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق مہندر اسنگھ دھونی نے ایک تقریب میں سوشل میڈیا اور پی آر ایم سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ بھی سوشل میڈیا کے مداح نہیں رہے۔ ایم ایس دھونی نے کہا کہ جب میں نے 2004 میں کھیلنا شروع کیا تو ٹوئٹر اُس وقت مقبولیت کی طرف بڑھ رہا تھا اور اس کے بعد انسٹاگرام آیا۔ میرے کئی مینیجرز نے مجھے مشورہ دیا کہ مجھے اپنی پی آر پر کام کرنا چاہیے، لیکن میرا ہمیشہ یہی جواب رہا کہ اگر آپ اچھا کرکٹ کھیلتے ہیں تو آپ کو پی آر کی ضرورت نہیں۔ خیال رہے کہ مہندر اسنگھ دھونی نے 2020 میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا اور تب سے صرف انڈین پریمیئر لیگ میں کھیلتے نظر آتے ہیں۔

بنگلہ دیش لیگ، معاوضوں کی عدم ادائیگی کا مسئلہ سر اٹھانے لگا

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش پریمیئر لیگ میں 11 سیزن کے آغاز پر معاوضوں کی عدم ادائیگی کا مسئلہ سر اٹھانے لگا۔ دربار راجشاہی کے کپتان انعم الحق بجوئے نے انکشاف کیا کہ پلیئرز نے ابھی تک رواں ایڈیشن کا ابتدائی معاوضہ حاصل نہیں کیا ہے۔ ایونٹ قواعد وضوابط کے تحت فرنچائز کو ٹورنامنٹ شروع ہونے سے قبل ہی پلیئرز کو 50 فیصد معاوضہ ادا کرنا ہوتا ہے، ایونٹ کے درمیان میں 25 فیصد اور باقی 25 فیصد ٹورنامنٹ کے اختتام پر ادا کیا جانا چاہیے۔ بی پی ایل میں معاوضوں کی عدم ادائیگی کا مسئلہ شروع سے رہا ہے، گذشتہ ایڈیشن کے 2 فرنچائزز کے بقایاجات بنگلہ دیش بورڈ نے خود سے ادا کیے۔

ورلڈ انڈور چیمپئن شپس میں اسرائیلی کھلاڑیوں کی شمولیت پر پابندی عائد

لندن (این این آئی) انگلینڈ میں شیڈول ورلڈ انڈور باؤلز چیمپئن شپس میں اسرائیل کے کھلاڑیوں کی شرکت پر پابندی عائد کر دی گئی، جس کے لیے فلسطین کے حامی گروپ کی جانب سے غزہ جنگ کی وجہ سے مہم چلائی گئی تھی۔ انجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق ورلڈ باؤلز نور نے بیان میں کہا کہ اگست میں اسکاٹش انٹرنیشنل اوپن میں اسرائیلی کھلاڑیوں کی شرکت پر سیاسی حوالوں سے تشویش پھیل گئی تھی۔ بیان میں کہا گیا کہ صورت حال کی نوعیت کا ادراک کرتے ہوئے ورلڈ باؤلز نور بورڈ نے ٹورنامنٹ کے منتظمین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے بعد یہ مشکل فیصلہ کیا کہ اسرائیل کو آنے والے ورلڈ انڈور چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے دیا گیا۔

ویسٹ انڈین فاسٹ بولر نے ایک گیند پر 15 رنز دے دیے

فاسٹ بولر اوشانے تھامس کی دوبار بار نو بال ہوگئی اور چھکے بھی لگ گئے



ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش پریمیئر لیگ میں کھلنا ٹائیگرز کے ویسٹ انڈین فاسٹ بولر اوشانے تھامس نے ایک گیند پر 15 رنز دے دیے۔ بی پی ایل 2024-25 میں کھلنا ٹائیگرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 203 رنز بنائے، ولیم بوسیستو نے 50 گیندوں پر 75 رنز کی دلکش اننگز کھیلی۔ ہدف کے تعاقب میں نتائز کی اننگز کے دوران تھامس نے ناپسندیدہ ریکارڈ بنا دیا۔ تھامس نے نے اننگز کا پہلا اوور کروایا اور پہلی گیند فلرلینتھ کی اور فیلڈنگ نے سرکل کے اندر شاندار کیچ تھام لیا لیکن امپائر کی جانب سے اسے نو بال قرار دیا گیا اور بیٹر کو نئی زندگی کے ساتھ فری ہٹ بھی مل گئی۔ فری ہٹ بیٹر نے ڈاٹ کی، لیکن دوسری گیند پر چھکا لگا اور وہ بھی نو بال قرار پائی جس نے نعیم اسلام کو ایک اور فری ہٹ کا موقع دیا، جس کے بعد تھامس نے دو لگاتار وائیڈ بال کر دیں۔ اگلی نو بال پر بیٹر سے چوکا لگا، جب تیسری گیند کروائی گئی تو بورڈ پر پہلے ہی 15 رنز بن چکے تھے۔ تھامس نے کا اوور کچھ اس طرح تھا نو بال، 0، نو بال، وائیڈ، وائیڈ، نو بال چوکا۔ اس کے بعد انہوں نے لائن ولینتھ پر بولنگ کی۔ کھلنا کے کپتان مہدی حسن مراز نے ایک اوور میں چار نو بال کے بعد تھامس کو دوسرا اوور نہیں دیا اور کھلنا ٹائیگرز نے میچ 37 رنز سے جیت لیا، اور سنگلز کی ٹیم 166 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔

روہت شرما نے ٹیم کا اعتماد توڑ دیا، وقت آ گیا وہ کپتانی چھوڑ دیں، باسط علی کا مشورہ

جسپریت بمراہ نے قیادت میں بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف پہلا ٹیسٹ جیتا، پاکستانی کرکٹر بھی بول پڑا



کراچی (این این آئی) سابق قومی کرکٹر باسط علی کا کہنا ہے کہ روہت شرما نے ٹیم کا اعتماد توڑ دیا ہے اب وقت آ گیا ہے کہ وہ کپتانی چھوڑ دیں۔ بھارت کو روہت شرما کی قیادت میں نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم سیریز میں 3-0 سے وائٹ واش ہوا، آسٹریلیا کے خلاف بارڈر گواسکر ٹرافی میں ان کی قیادت میں بھارت کو دو ٹیسٹ میچز سے شکست ہوئی۔ روہت شرما بیٹنگ میں بھی ناکام ثابت ہوئے، انہوں نے آخری 11 اننگز میں صرف 122 رنز بنائے ہیں۔ سابق پاکستانی کرکٹر باسط علی نے کہا کہ جسپریت بمراہ نے قیادت میں بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف پہلا ٹیسٹ جیتا اور روہت شرما نے شکست کے بعد ٹیم کا اعتماد توڑا ہے۔ روہت کی غیر موجودگی میں اوپننگ جوڑی یشسوی جیسوال اور کے ایل راہول نے پرتھ میں 201 رنز کی میچ وننگ پارٹنر شپ قائم کی، دوسرے ٹیسٹ میں روہت کی واپسی کے بعد اس نے کامیاب اوپننگ جوڑی توڑی اور خود بھی ناکام ثابت ہوئے۔ شبھمن گل کو بھی پلیئنگ الیون سے باہر کیا گیا کیونکہ دو اسپنرز کے ساتھ کھیلنے کا فیصلہ کیا گیا۔ باسط علی کا کہنا ہے کہ روہت کا اوپننگ کرنے کا اقدام اور اوپننگ جوڑی میں خلل ڈالنا بھارت کی شکست کی بنیادی وجہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ روہت فارم میں نہیں اور کے ایل راہول جو رنز کر رہے تھے ان پر بھی دباؤ بڑھا، آپ کی ٹیم کا اعتماد بالکل ڈاؤن کر دیا، اب وقت آ گیا ہے کہ روہت کپتانی سے دستبردار ہو جائیں۔

بھارتی کرکٹ ٹیم کے ڈریسنگ روم میں غصہ، مرضی اور افراتفری



نئی دہلی (یو این پی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر ڈریسنگ روم میں کھلاڑیوں پر برس پڑے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر ٹیم کے ڈریسنگ روم کی افراتفری کو بھی سامنے لے آئے ہیں، اس حوالے سے انہوں نے اپنی تقریر میں کسی کا نام لیے بغیر بہت کچھ کہہ دیا۔ گوتم گمبھیر نے کہا کہ اب بہت ہو گیا ہے، نیچرل گیم کے نام پر کھلاڑی اپنی مرضی کر رہے ہیں، صورت حال کے مطابق نہیں کھیل رہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ماہ میں کھلاڑیوں کو جس طرح انہوں نے ٹیم کے لیے کھیلنا چاہا کھیلنے دیا، اب وہ فیصلہ کریں گے کہ انہیں کیسے ٹیم کے لیے کھیلنا ہے۔ ہیڈ کوچ نے اپنی تقریر میں کہا ہے کہ اگر کوئی کھلاڑی حکمت عملی کے مطابق نہیں کھیلے گا تو اس کو تھینک یو کہہ دیا جائے گا، کھلاڑی پلان کے مطابق کھیلنے کے بجائے اپنی مرضی کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ بیٹرز بنگلا دیش کے خلاف سیریز سے پرفارمنس نہیں دے رہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ڈریسنگ روم میں ماحول آئیڈیل نہیں ہے، سلیکٹرز، کھلاڑی اور کوچنگ اسٹاف ایک پیج پر نہیں ہیں۔ واضح رہے کہ بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان 5 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں آسٹریلیا کو 1-2 سے برتری حاصل ہے، 1 ٹیسٹ میچ ڈرا ہوا تھا۔

چیمپئنز ٹرافی سے قبل نوجوان کھلاڑیوں نے سلیکشن درست ثابت کر دی

رضوان نے پاکستان کو لگاتار تین ون ڈے سیریز جتوائیں



سنچورین (این این آئی) سال 2024 میں پاکستانی

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

جھال روڈ لینڈ فل سائٹ پر مٹی ڈالنے کا کام فوری شروع

بنگہ حیات روڈ پر نئی لینڈ فل سائٹ پر کام تیز کیا جائے، کمشنر ساہیوال ڈویژن



ساہیوال (خبرے ڈی نیم سپرے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سیدی پی ایم ایس نے جھال روڈ پر لینڈ فل سائٹ پر مٹی ڈالنے کا کام فوری شروع کرنے کی ہدایت۔ بہت جلد یہاں پر ایک فل سائٹ پر کام تیز کیا جائے۔ کمشنر کی ہدایت پر یہاں اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر (جنرل) ڈائریکٹر جنرل ایم ڈی ساہیوال ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق ڈوگر، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اسے سی جنرل رائے محمد صفدر، ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر سید اقبال حسین شاہ، ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر ثمینہ رشید، ڈسٹرکٹ آفیسر واٹر اینڈ سینی ٹیشن ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈسٹرکٹ آفیسر ریونیو ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) 3 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ
قوت
042-36360003

تمام اشتہارات نیٹ نیچی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

نقیب 1

محکمہ انسداد عامہ آئی این پی آر کے ممتاز جھوٹی طور پر 67 بھرمان نے ترمی کی ہیلتھ ورکرز 48 بھرمان کو ترقی دے کر ہیلتھ سپروائزر بنا دیا گیا۔ جن 19 نرمان کی سنیارٹی معاف کی گئی ان میں محمد ارشاد، محمد احسان اللہ والد محمد یاور خان، محمد شکور اللہ والد محمد نور خان، محمد ناصر والد محمد یاسین، محمد نثار والد محمد یاسین، محمد عارف والد محمد یاسین، محمد شاہد والد محمد یاسین، محمد عمران والد محمد یاسین، محمد عمران والد محمد یاسین، محمد عمران

جماعت اسلامی شہری مسائل کے حل کیلئے سرکاری محکموں کیساتھ روابط اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنی خدمات سرانجام دیگی

پبلک ایڈ کمیٹی، جماعت اسلامی لاہور مختلف سرکاری محکموں کیساتھ روابط اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنی خدمات سرانجام دیگی

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی شہری مسائل کے حل کیلئے پبلک ایڈ کمیٹی کے قیام پر پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی شہری مسائل کے حل کیلئے سرکاری محکموں میں اب عام لوگوں کی آواز بنے گی۔ سرکاری محکموں میں سفارش اور رشوت کے گھن کے خاتمہ کی کیلئے انصاف کا دروازہ بند کر دیا ہے۔ شہر لاہور میں لاکھوں افراد



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ شہری مسائل کے حل کیلئے پبلک ایڈ کمیٹی کے قیام پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سرکاری محکموں میں اپنے جائز کاموں کیلئے در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ جماعت اسلامی لاہور نے پبلک ایڈ کمیٹی کے نام سے شعبہ کا قیام کیا ہے جس میں شہریوں کو سرکاری محکموں میں انصاف کی فراہمی کیلئے معاونت کی جائیگی۔ پبلک ایڈ کمیٹی جماعت اسلامی لاہور مختلف محکموں سے (بقیہ نمبر 3)

ریسکیو 1122 سال 2024 کے دوران 2.2 ملین ایمرجنسی متاثرین کو ریسکیو کیا، ڈاکٹر رضوان نصیر

2024 میں 2023 کی نسبت مجموعی طور پر 22.7 فیصد زیادہ ایمرجنسی رپورٹ ہوئیں، ڈاکٹر رضوان نصیر کا ایمرجنسی سروسز کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ

پنجاب ایمرجنسی سروس نے سال 2024 کے دوران 2.1 ملین سے زائد ایمرجنسی متاثرین کو ریسکیو کیا: سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر

ریسکیو ہیڈکوارٹر میں ریسکیو ٹیم کی اقوام متحدہ اور اقوام متحدہ انٹرآفس کی ایشیاء پیسفک ایکسپرٹ کمیٹی کی جانب سے تاریخی تقریبات کی میزبانی کرنے کا موقع ملا، جس میں 23 ممالک (بقیہ نمبر 4)



لاہور میں صوبائی وزیر باگسنگ بلال یاسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے کانسٹیبلز کی بھرتیوں کا عمل جاری

تحریری ٹیسٹ اور نتائج کا عمل 5 سے 7 جنوری تک مکمل کر لیا جائے گا، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کی زیر نگرانی محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے کانسٹیبلز کی بھرتیوں کا عمل جاری ہے۔ پنجاب پولیس اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن افسران پر مشتمل ریکروٹمنٹ بورڈز امیدواروں کے جسمانی فٹنس ٹیسٹ لے رہے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق ایس ایس پی ٹریننگ سکولز کمپلیشن علی ضیاء کے مطابق ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کانسٹیبلز کی بھرتی کے 48 پوائنٹس کا تحریری ٹیسٹ (بقیہ نمبر 3)

پنجابی کا میڈیکل ٹھیسز اور کشاپ وقت کی ضرورت تھی، توقیر حیدر کاظمی

لاہور (این این آئی) انجمن آرائیں ایکڈمی آف آرٹس اینڈ کلچر پنجابی ٹھیسز کامیدان مارکشاپ اور کشاپ جاری ہے۔ ورکشاپ میں ملک کے نامور مزاحیہ اداکار اور فنکار اکرم اداسی نامور رائٹر و ڈائریکٹر قیصر پاپولر جوان آرٹسٹوں کو تربیت فراہم کر رہے ہیں۔ ورکشاپ ایک ہفتہ (11 جنوری) تک جاری رہے گی۔ ورکشاپ میں نوجوان آرٹسٹوں کی کثیر تعداد (بقیہ نمبر 66)



لاہور: صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن پنجاب پنشن فنڈ کی مینجمنٹ کمیٹی کے 48 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کرم میں اہلسنت پر ہونیوالے ظلم پر حکومتی خاموشی افسوسناک ہے، سنی علماء کونسل

اہلسنت کی آبادیوں پر حملے میں جو اسلحہ استعمال ہوا اس کی تحقیقات ہونی چاہئیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) امیر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ کرم میں اہلسنت پر ہونیوالے ظلم پر حکومتی خاموشی افسوسناک ہے، کرم میں فسادات کی آڑ میں اہلسنت کی آبادیوں پر حملے میں جو اسلحہ استعمال ہوا اس کی تحقیقات ہونی چاہئیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کے (بقیہ نمبر 4)



فنڈز نہ ملنے پر پٹرول پمپ بند

نمائندوں کا اسمبلی چوک میں شدید احتجاج، پولیس کی شیلنگ

پنڈ دادن (این این آئی) فنڈز نہ ملنے پر پٹرول پمپ بند، بلدیاتی نمائندوں نے اسمبلی چوک میں شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین نے ریڈ زون میں داخل ہونے کی کوشش کی جس پر پولیس کی جانب سے آنسو گیس کی شیلنگ پر بلدیاتی نمائندے منتشر ہو گئے، ایس پی کینٹ کے مطابق مظاہرین نے پولیس پر پتھراؤ بھی کیا (بقیہ نمبر 65)

ملک سے مہنگائی اور غربت کا خاتمہ یقینی بنایا جا رہا ہے، کاشف کھوکھر

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف آرگنائزر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ لاہور کاشف کھوکھر نے کہا ہے کہ ملک سے مہنگائی اور غربت کا خاتمہ یقینی بنایا جا رہا ہے۔ جس طرح ماضی میں ملک سے لوڈشیڈنگ اور دہشتگردی کا خاتمہ کیا گیا ہے اسی طرح آئندہ بھی ملک سے مہنگائی اور غربت کا خاتمہ بھی کریں گے۔ ہم نے ہمیشہ مزدور کی فلاح کیلئے کام کیا ہ